4207{1}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الرَّازِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ جَمِيعًا عَنْ الْوَلِيدِ قَالَ ابْنُ مِهْرَانَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ أَبِي عَمَّارٍ شَدَّادٍ أَنَّهُ سَمِعَ وَاثِلَةَ بْنَ الْأَسْقَعِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ إِسْمَعِيلَ وَاصْطَفَى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ وَاصْطَفَى مِنْ قُرَيْشٍ بَنِي هَاشِمٍ وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ [5938]

4207: حضرت واثلہ بن اسقعؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے بنی اسماعیل میں سے کنانہ کو چُن لیا اور کنانہ میں سے قریش کو چُن لیا اور قریش میں سے بنی ہاشم کو چُن لیا اور بنی ہاشم میں سے مجھے چُن لیا۔

4208{2} وَحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ

4208: حضرت جابر بن سمرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں مکہ کے حجر☆ کو جانتا

4207:تخریج: ترمذی کتاب المناقب باب فی فضل النبی ﷺ 3605، 3606

4208:تخریج :ترمذی کتاب المناقب باب فی آیات اثبات نبوۃ النبی ﷺ 3624

☆ حجر سے بعض لوگ ایک معین شخص مراد لیتے ہیں اور بعض لوگ اس کا ترجمہ پتھر کرتے ہیں۔

طَهْمَانَ حَدَّثَنِي سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْرِفُ حَجَرًا بِمَكَّةَ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ أُبْعَثَ إِنِّي لَأَعْرِفُهُ الْآنَ[5939]

ہوں جو میری بعثت سے قبل مجھے سلام کہا کرتا تھا۔ میں اب بھی اس کو خوب پہچانتا ہوں۔

[2]2:بَاب:تَفْضِيلُ نَبِيِّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَمِيعِ الْخَلَائِقِ

باب:ہمارے نبی ﷺ کی تمام مخلوقات پر فضیلت

4209{3}حَدَّثَنِي الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى أَبُو صَالِحٍ حَدَّثَنَا هِقْلٌ يَعْنِي ابْنَ زِيَادٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ حَدَّثَنِي أَبُو عَمَّارٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَوَّلُ مَنْ يَنْشَقُّ عَنْهُ الْقَبْرُ وَأَوَّلُ شَافِعٍ وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ[5940]

4209: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں قیامت کے دن بنی آدم کا سردار ہوں گا اور میں سب سے پہلا ہوں جس کی قبر کھولی جائے گی اور میں سب سے پہلا شفاعت کرنے والا ہوں اور میں سب سے پہلا ہوں جس کی شفاعت قبول کی جائے گی۔

[3]3:بَاب فِي مُعْجِزَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی ﷺ کے معجزات کا بیان

4210{4} وحَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْعَتَكِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَا بِمَاءٍ فَأُتِيَ بِقَدَحٍ رَحْرَاحٍ

4210: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے پانی منگوایا تو ایک کم گہرا پیالہ لایا گیا اور لوگ وضو کرنے لگے۔میں نے اندازہ کیا کہ ساٹھ سے اسّی (افراد) تھے۔حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں پانی

4210اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب فی معجزات النبی ﷺ 4211، 4212

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب التماس الوضوء اذا حانت الصلاۃ 169 کتاب المناقب باب علامات النبوۃ فی الاسلام 3574 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی آیات اثبات نبوۃ النبی ﷺ 3631 **نسائی** کتاب الطھارۃ الوضوء من الاناء 76 باب التسمیۃ عند الوضوء78

فَجَعَلَ الْقَوْمُ يَتَوَضَّئُونَ فَحَزَرْتُ مَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى الثَّمَانِينَ قَالَ فَجَعَلْتُ أَنْظُرُ إِلَى الْمَاءِ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ[5941]

کی طرف دیکھنے لگا کہ وہ آپؐ کی انگلیوں کے درمیان سے پھوٹ رہا تھا۔

4211{5} و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مُوسَى الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنَا مَعْنٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّهُ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَانَتْ صَلَاةُ الْعَصْرِ فَالْتَمَسَ النَّاسُ الْوَضُوءَ فَلَمْ يَجِدُوهُ فَأُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَضُوءٍ فَوَضَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ الْإِنَاءِ يَدَهُ وَأَمَرَ النَّاسَ أَنْ يَتَوَضَّئُوا مِنْهُ قَالَ فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَنْبُعُ مِنْ تَحْتِ أَصَابِعِهِ فَتَوَضَّأَ النَّاسُ حَتَّى تَوَضَّئُوا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ [5942]

4211: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو اس وقت دیکھا جبکہ نماز عصر کا وقت ہو چکا تھا لوگوں نے وضوء کے پانی کی تلاش کی مگر ان کو نہ ملا۔ تو رسول اللہ ﷺ کے پاس وضوء کا تھوڑا سا پانی لایا گیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس برتن میں اپنا ہاتھ ڈالا اور لوگوں کو ارشاد فرمایا کہ اس سے وضوء کریں۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ پانی آپؐ کی انگلیوں کے نیچے سے پھوٹ رہا تھا۔ چنانچہ لوگوں نے وضوء کیا یہانتک کہ ان کے آخری (آدمی) نے بھی وضوء کرلیا۔

4212 {6} حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ يَعْنِي ابْنَ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ

4212: قتادہ سے مروی ہے کہ حضرت انس بن مالکؓ نے ہمیں بتایا کہ اللہ کے نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ زوراء (مقام) پر تھے۔ انہوں نے بتایا کہ زوراء

4211: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب فی معجزات النبی ﷺ 4210، 4212

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب التماس الوضوء اذا ... 169 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3574 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی ایات اثبات نبوة النبی ﷺ 3631 **نسائی** کتاب الطهارة الوضوء من الاناء 76 باب التسمية عند الوضوء 78

4212: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب فی معجزات النبی ﷺ 4210، 4211

تخریج: بخاری کتاب الوضوء باب التماس الوضوء اذا ... 169 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3574 **ترمذی** کتاب المناقب باب فی ایات اثبات نبوة النبی ﷺ 3631 **نسائی** کتاب الطهارة الوضوء من الاناء 76 باب التسمية عند الوضوء 78

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابَهُ بِالزَّوْرَاءِ قَالَ وَالزَّوْرَاءُ بِالْمَدِينَةِ عِنْدَ السُّوقِ وَالْمَسْجِدِ فِيمَا ثَمَّهْ دَعَا بِقَدَحٍ فِيهِ مَاءٌ فَوَضَعَ كَفَّهُ فِيهِ فَجَعَلَ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ فَتَوَضَّأَ جَمِيعُ أَصْحَابِهِ قَالَ قُلْتُ كَمْ كَانُوا يَا أَبَا حَمْزَةَ قَالَ كَانُوا زُهَاءَ الثَّلَاثِ مِائَةٍ{7} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بِالزَّوْرَاءِ فَأُتِيَ بِإِنَاءٍ مَاءٍ لَا يَغْمُرُ أَصَابِعَهُ أَوْ قَدْرَ مَا يُوَارِي أَصَابِعَهُ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ هِشَامٍ[5943,5944]

مدینہ میں ہے، بازار اور اس مسجد کے پاس جو وہاں ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک پیالہ منگوایا جس میں کچھ پانی تھا اور آپؐ نے اپنا ہاتھ اس میں رکھا تو (پانی) آپؐ کی انگلیوں کے درمیان سے پھوٹنے لگا آپؐ کے سب صحابہؓ نے وضوء کیا۔ قتادہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا اے ابوحمزہؓ! وہ کتنے تھے؟ انہوں نے بتایا کہ تین سو کے قریب تھے۔

ایک اور روایت میں ہے کہ نبی ﷺ زوراء (مقام) میں تھے کہ آپؐ کے پاس پانی کا برتن لایا گیا۔ اس (پانی میں) آپؐ کی انگلیاں نہیں ڈوبتی تھیں یا اتنا تھا جو آپؐ کی انگلیوں کو چھپالے۔۔۔

4213{8} و حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ أُمَّ مَالِكٍ كَانَتْ تُهْدِي لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُكَّةٍ لَهَا سَمْنًا فَيَأْتِيهَا بَنُوهَا فَيَسْأَلُونَ الْأُدْمَ وَلَيْسَ عِنْدَهُمْ شَيْءٌ فَتَعْمِدُ إِلَى الَّذِي كَانَتْ تُهْدِي فِيهِ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَجِدُ فِيهِ سَمْنًا فَمَا زَالَ يُقِيمُ لَهَا أُدْمَ بَيْتِهَا حَتَّى عَصَرَتْهُ فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَصَرْتِيهَا قَالَتْ نَعَمْ قَالَ لَوْ تَرَكْتِيهَا مَا زَالَ قَائِمًا[5945]

4213: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ حضرت امّ مالکؓ نبی ﷺ کی خدمت میں گھی تحفہ کے طور پر اپنے ایک چمڑے کے برتن میں بھیجا کرتی تھیں۔ پھر جب ان کے بیٹے ان کے پاس آ کر سالن مانگتے اور ان کے پاس کچھ نہ ہوتا تو وہ اس (برتن) کا قصد کرتیں جس میں سے وہ نبی ﷺ کو تحفہ بھجواتیں اور اس میں گھی موجود پاتیں۔ اس وقت تک ان کے گھر کا سالن موجود رہا جب تک کہ انہوں نے اسے نچوڑ نہ لیا۔ پھر جب اُمّ مالکؓ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپؐ نے فرمایا تم نے اسے نچوڑ لیا؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں۔ آپؐ نے فرمایا اگر تم اسے (اس کی حالت پر) چھوڑ دیتی تو وہ ہمیشہ رہتا۔

4214{9} و حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَطْعِمُهُ فَأَطْعَمَهُ شَطْرَ وَسْقِ شَعِيرٍ فَمَا زَالَ الرَّجُلُ يَأْكُلُ مِنْهُ وَامْرَأَتُهُ وَضَيْفُهُمَا حَتَّى كَالَهُ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ لَمْ تَكِلْهُ لَأَكَلْتُمْ مِنْهُ وَلَقَامَ لَكُمْ [5946]

4214: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نبی ﷺ کے پاس غلّہ مانگنے کے لئے آیا۔ آپؐ اسے نصف وسق☆ جَو دیئے۔ وہ آدمی اور اس کی بیوی اور ان دونوں کے مہمان اس میں سے کھاتے رہے پھر اس (آدمی) نے اسے ماپا اور نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپؐ نے فرمایا اگر تم اسے نہ ماپتے تو تم ضرور اس میں سے کھاتے رہتے اور وہ ضرور تمہارے لئے موجود رہتا۔

4215{10} حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكٌ وَهُوَ ابْنُ أَنَسٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ أَنَّ أَبَا الطُّفَيْلِ عَامِرَ بْنَ وَاثِلَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ أَخْبَرَهُ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ غَزْوَةِ تَبُوكَ فَكَانَ يَجْمَعُ الصَّلَاةَ فَصَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيعًا وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمِيعًا حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمًا أَخَّرَ الصَّلَاةَ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيعًا ثُمَّ دَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ بَعْدَ ذَلِكَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ

4215: حضرت معاذ بن جبلؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک کے سال نکلے آپؐ نمازیں جمع کرتے تھے۔ آپؐ ظہر عصر اور مغرب وعشاء اکٹھی ادا فرماتے۔ ایک روز آپؐ نے نماز میں کچھ تاخیر فرمائی۔ آپ باہر تشریف لائے اور ظہر وعصر کی نمازیں جمع کیں۔ پھر اندر تشریف لے گئے۔ اس کے بعد باہر تشریف لائے اور مغرب وعشاء کی نمازیں اکٹھی ادا کیں۔ پھر حضورؐ نے فرمایا کہ کل تم انشاء اللہ تبوک کے چشمے پر پہنچو گے اور جب تک خوب دن نہ نکل آئے تم اس تک نہیں پہنچو گے پس تم میں سے جو اس کے پاس پہنچے اس کے پانی کو بالکل نہ

☆ وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور صاع قریباً تین سیر کا ہوتا ہے۔

4215: اطراف: مسلم کتاب صلاة المسافرين وقصرها باب الجمع بين الصلاتين فى الحضر 1140 ، 1141 ، 1142

تخریج: ترمذی کتاب الجمعة باب ماجاء فى الجمع بين الصلاتين 553 نسائی کتاب المواقيت الوقت الذى يجمع فيه المسافر 587 ابو داؤد کتاب الصلاة باب الجمع بين الصلاتين 1206 ، 1208 ، 1220 ابن ماجه کتاب الصلاة والسنة فيها باب الجمع بين الصلاتين فى السفر 1070

وَالْعشَاءَ جَمِيعًا ثُمَّ قَالَ إِنَّكُمْ سَتَأْتُونَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللَّهُ عَيْنَ تَبُوكَ وَإِنَّكُمْ لَنْ تَأْتُوهَا حَتَّى يُضْحِيَ النَّهَارُ فَمَنْ جَاءَهَا مِنْكُمْ فَلَا يَمَسَّ مِنْ مَائِهَا شَيْئًا حَتَّى آتِيَ فَجِئْنَاهَا وَقَدْ سَبَقَنَا إِلَيْهَا رَجُلَانِ وَالْعَيْنُ مِثْلُ الشِّرَاكِ تَبِضُّ بِشَيْءٍ مِنْ مَاءٍ قَالَ فَسَأَلَهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَسَسْتُمَا مِنْ مَائِهَا شَيْئًا قَالَا نَعَمْ فَسَبَّهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَهُمَا مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَقُولَ قَالَ ثُمَّ غَرَفُوا بِأَيْدِيهِمْ مِنَ الْعَيْنِ قَلِيلًا قَلِيلًا حَتَّى اجْتَمَعَ فِي شَيْءٍ قَالَ وَغَسَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ يَدَيْهِ وَوَجْهَهُ ثُمَّ أَعَادَهُ فِيهَا فَجَرَتِ الْعَيْنُ بِمَاءٍ مُنْهَمِرٍ أَوْ قَالَ غَزِيرٍ شَكَّ أَبُو عَلِيٍّ أَيُّهُمَا قَالَ حَتَّى اسْتَقَى النَّاسُ ثُمَّ قَالَ يُوشِكُ يَا مُعَاذُ إِنْ طَالَتْ بِكَ حَيَاةٌ أَنْ تَرَى مَا هَاهُنَا قَدْ مُلِئَ جِنَانًا[5947]

چھوئے جب تک کہ میں نہ آ جاؤں۔ (راوی کہتے ہیں) پھر ہم اس (چشمہ) پر پہنچے لیکن دو آدمی وہاں ہم سے پہلے پہنچ چکے تھے اور چشمہ تسمہ کی طرح تھا جس سے تھوڑا تھوڑا پانی بہہ رہا تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں سے پوچھا کیا تم نے اس کے پانی کو چھوا ہے؟ اُن دونوں نے کہا جی ہاں۔ پھر نبی ﷺ نے ان دونوں کو تنبیہ فرمائی اور جو اللہ نے چاہا آپؐ نے ان کو کہا۔ راوی کہتے ہیں پھر لوگوں نے اس چشمہ سے اپنے ہاتھوں کے ذریعہ تھوڑا تھوڑا کر کے پانی نکالا یہاں تک کہ ایک برتن میں کچھ پانی جمع ہو گیا۔ راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے اس میں اپنے دونوں ہاتھ دھوئے اور چہرہ دھویا۔ پھر اس (پانی) کو اس (چشمہ) میں واپس ڈال دیا تو چشمہ تیزی سے بہنے لگا یا — انہوں نے مُنْهَمِرٌ کی بجائے غَزِيرٌ کا لفظ بولا یعنی کثرت سے بہنے لگا۔ ابوعلی نے اس بارہ میں شک کیا ہے کہ ان دونوں میں سے راوی نے کیا کہا — یہاں تک کہ لوگ خوب سیراب ہو گئے۔ پھر حضورؐ نے فرمایا اے معاذؓ! اگر تیری عمر لمبی ہوئی تو تُو دیکھ لے گا کہ یہ جگہ باغوں سے بھر گئی ہے۔

4216{11}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ

4216: حضرت ابوحمیدؓ سے روایت ہے کہ ہم غزوۂ تبوک کے لئے رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ نکلے۔ ہم وادی القریٰ میں ایک عورت کے باغ کے پاس

4216: اطراف: مسلم کتاب الحج باب أحد جبل يحبنا ونحبه 2452، 2453، 2454 =

السَّاعدِيِّ عَنْ أَبِي حُمَيْد قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ فَأَتَيْنَا وَادِيَ الْقُرَى عَلَى حَدِيقَةِ لامْرَأَة فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ اخْرُصُوهَا فَخَرَصْنَاهَا وَخَرَصَهَا رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ عَشَرَةَ أَوْسُقٍ وَقَالَ أَحْصِيهَا حَتَّى نَرْجِعَ إِلَيْكَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ وَانْطَلَقْنَا حَتَّى قَدِمْنَا تَبُوكَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ سَتَهُبُّ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيدَةٌ فَلَا يَقُمْ فِيهَا أَحَدٌ مِنْكُمْ فَمَنْ كَانَ لَهُ بَعِيرٌ فَلْيَشُدَّ عِقَالَهُ فَهَبَّتْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ فَقَامَ رَجُلٌ فَحَمَلَتْهُ الرِّيحُ حَتَّى أَلْقَتْهُ بِجَبَلَيْ طَيِّئٍ وَجَاءَ رَسُولُ ابْنِ الْعَلْمَاءِ صَاحِبُ أَيْلَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ بِكِتَابٍ وَأَهْدَى لَهُ بَغْلَةً بَيْضَاءَ فَكَتَبَ إِلَيْه رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ وَأَهْدَى لَهُ بُرْدًا ثُمَّ أَقْبَلْنَا حَتَّى قَدِمْنَا وَادِيَ الْقُرَى فَسَأَلَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ الْمَرْأَةَ عَنْ حَدِيقَتِهَا كَمْ بَلَغَ ثَمَرُهَا فَقَالَتْ عَشَرَةَ أَوْسُقٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ إِنِّي مُسْرِعٌ فَمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ

پہنچے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کے پھل کا اندازہ کرو۔ چنانچہ ہم نے اس کا اندازہ کیا اور رسول اللہ ﷺ نے اس کے پھل کا تخمینہ دس وسق لگایا اور اس عورت سے فرمایا کہ اس کا حساب رکھنا یہانتک کہ ہم تمہارے پاس واپس آئیں انشاءاللہ۔ (راوی کہتے ہیں) پھر ہم چلے یہانتک کہ ہم تبوک پہنچ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا آج رات تم پر ایک سخت آندھی چلے گی پس تم میں سے کوئی آدمی اس میں کھڑا نہ ہو۔ تم میں سے جس کے پاس اونٹ ہے اسے چاہئے کہ اس کی رسی مضبوطی سے باندھ دے۔ چنانچہ تیز آندھی چلی۔ ایک آدمی کھڑا ہوا تو اسے ہوا اٹھالے گئی یہانتک کہ اسے طَیِّء کے دو پہاڑوں میں پھینک دیا۔ پھر ایلہ کے حاکم ابن العلماء کا ایلچی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں ایک خط لے کر حاضر ہوا اور ایک سفید خچر تحفۃً حضورؐ کی خدمت میں پیش کیا اور رسول اللہ ﷺ نے (بھی) اسے خط لکھا اور ایک چادر اسے تحفۃً بھجوائی پھر ہم (واپس) چل پڑے یہانتک کہ ہم وادی القرٰی میں پہنچ گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس عورت سے اُس کے باغ کے بارہ میں پوچھا کہ اس کا پھل کتنا ہوا؟ اس نے کہا کہ دس وسق۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں جلدی

تخریج: **بخاری** کتاب الزکاۃ باب خرص التمر 1481، 1482 کتاب فضائل المدینۃ باب المدینۃ طابۃ 1872 کتاب الجزیۃ باب اذا وادع الامام ملک القریۃ 3161 کتاب المناقب باب فضل دور الانصار 3789، 3790، 3791 کتاب المغازی باب نزول النبی ﷺ الحجر 4422 **ابوداؤد** کتاب الخراج والامارۃ والفیء باب فی احیاء الموات 3089

فَلْيُسْرِعْ مَعِيَ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَمْكُثْ فَخَرَجْنَا حَتَّى أَشْرَفْنَا عَلَى الْمَدِينَةِ فَقَالَ هَذِهِ طَابَةُ وَهَذَا أُحُدٌ وَهُوَ جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّ خَيْرَ دُورِ الْأَنْصَارِ دَارُ بَنِي النَّجَّارِ ثُمَّ دَارُ بَنِي عَبْدِ الْأَشْهَلِ ثُمَّ دَارُ بَنِي عَبْدِ الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ ثُمَّ دَارُ بَنِي سَاعِدَةَ وَفِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ فَلَحِقَنَا سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقَالَ أَبُو أُسَيْدٍ أَلَمْ تَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَ دُورَ الْأَنْصَارِ فَجَعَلَنَا آخِرًا فَأَدْرَكَ سَعْدٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ خَيَّرْتَ دُورَ الْأَنْصَارِ فَجَعَلْتَنَا آخِرًا فَقَالَ أَوَ لَيْسَ بِحَسْبِكُمْ أَنْ تَكُونُوا مِنَ الْخِيَارِ{12} و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سَلَمَةَ الْمَخْزُومِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بِهَذَا الْإِسْنَادِ إِلَى قَوْلِهِ وَفِي كُلِّ دُورِ الْأَنْصَارِ خَيْرٌ وَلَمْ يَذْكُرْ مَا بَعْدَهُ مِنْ قِصَّةِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ وَزَادَ فِي حَدِيثِ وُهَيْبٍ فَكَتَبَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَحْرِهِمْ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي

جارہا ہوں پس تم میں سے جو چاہے میرے ساتھ جلدی چلے اور جو چاہے ٹھہر جائے۔ پھر ہم روانہ ہوئے یہاں تک کہ ہمیں مدینہ دکھائی دیا تو حضورؐ نے فرمایا یہ طابہ ہے (پاکیزہ اور خوشگوار ہے) اور یہ اُحد ہے یہ ایسا پہاڑ ہے کہ وہ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ انصارؓ کے گھروں میں بہترین گھر بنی نجار کا گھر پھر بنی عبدالاشہل کا گھر پھر بنی عبدالحارث بن الخزرج کا گھر پھر بنی ساعدہ کا گھر اور آپؐ نے انصارؓ کے سب گھروں کو اچھا قرار دیا۔ حضرت سعد بن عبادہؓ ہم سے آملے تو ابواسید نے کہا کہ کیا تمہیں معلوم ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انصارؓ کے گھروں کی فضیلت بیان کی اور ہمیں آخر پر رکھا ہے؟ حضرت سعدؓ رسول اللہ ﷺ کے پاس گئے اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے انصارؓ کے گھروں کی فضیلت بیان کی ہے اور ہمیں آخر پر رکھا ہے۔ اس پر حضور ﷺ نے فرمایا کیا تمہارے لئے کافی نہیں کہ تم خیر والوں میں سے ہو؟ ایک اور روایت میں ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ انصارؓ کے سب گھروں میں خیر ہے لیکن اس روایت میں انہوں نے سعد بن عبادہؓ کا قصّہ بیان نہیں کیا اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کا سمندر اس☆ کے نام لکھ دیا لیکن وہیب کی

☆اس سے مراد ایلہ کا حاکم ہے۔

حَدِيث وُهَيْبٍ فَكَتَبَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[5948,5949]

روایت میں یہ ذکر نہیں مزید کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی طرف خط لکھا۔

[4]4:بَاب تَوَكُّلِهِ عَلَى اللَّهِ تَعَالَى وَعِصْمَةِ اللَّهِ تَعَالَى لَهُ مِنَ النَّاسِ

اللہ تعالیٰ پر آپؐ کے توکل اور اللہ تعالیٰ کا آپؐ کو لوگوں سے محفوظ رکھنے کا بیان

4217{13}حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ ح و حَدَّثَنِي أَبُو عِمْرَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زِيَادٍ وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سِنَانِ بْنِ أَبِي سِنَانٍ الدُّؤَلِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةً قِبَلَ نَجْدٍ فَأَدْرَكَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَادٍ كَثِيرِ الْعِضَاهِ فَنَزَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَعَلَّقَ سَيْفَهُ بِغُصْنٍ مِنْ أَغْصَانِهَا قَالَ وَتَفَرَّقَ النَّاسُ فِي الْوَادِي يَسْتَظِلُّونَ بِالشَّجَرِ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

4217: حضرت جابرؓ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے نجد کی طرف ایک غزوہ میں ہمراہ تھے۔رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک وادی میں جس میں بہت سے کانٹوں والے درخت تھے پایا۔رسول اللہ ﷺ ایک درخت کے نیچے اترے اور آپؐ نے اپنی تلوار اس کی ٹہنیوں میں سے ایک ٹہنی سے لٹکا دی۔وہ کہتے ہیں پھر لوگ اس وادی میں درختوں کے سائے کی طلب میں منتشر ہو گئے۔وہ کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ایک آدمی میرے پاس آیا جبکہ میں سو رہا تھا۔اس نے (میری) تلوار لے لی۔میں بیدار ہو گیا اور وہ میرے سر پر کھڑا تھا میں نے صرف یہ دیکھا کہ وہ تلوار اپنے ہاتھ میں سونتے ہوئے ہے۔اس نے مجھ سے کہا کہ تمہیں مجھ سے کون بچائے گا؟ آپؐ نے فرمایا میں نے کہا اللہ

4217:اطراف: مسلم کتاب صلاة المسافرين وقصرها باب صلاة الخوف 1383، 1384

تخریج: بخاری کتاب الجهاد والسير باب من علّق سيفه بالشجر 2910 باب تفرق الناس عن الامام عند القائلة 2913 كتاب المغازی باب غزوة ذات الرقاع 4135، 4136باب غزوة بنی مصطلق من خزاعة 4139

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رَجُلًا أَتَانِي وَأَنَا نَائِمٌ فَأَخَذَ السَّيْفَ فَاسْتَيْقَظْتُ وَهُوَ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِي فَلَمْ أَشْعُرْ إِلَّا وَالسَّيْفُ صَلْتًا فِي يَدِهِ فَقَالَ لِي مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّي قَالَ قُلْتُ اللَّهُ ثُمَّ قَالَ فِي الثَّانِيَةِ مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّي قَالَ قُلْتُ اللَّهُ قَالَ فَشَامَ السَّيْفَ فَهَا هُوَ ذَا جَالِسٌ ثُمَّ لَمْ يَعْرِضْ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ {14}و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحَقَ قَالَا أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي سِنَانُ بْنُ أَبِي سِنَانٍ الدُّؤَلِيُّ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيَّ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَهُمَا أَنَّهُ غَزَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةً قِبَلَ نَجْدٍ فَلَمَّا قَفَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَفَلَ مَعَهُ فَأَدْرَكَتْهُمُ الْقَائِلَةُ يَوْمًا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ وَمَعْمَرٍ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِذَاتِ الرِّقَاعِ

پھر اس نے دوسری دفعہ کہا کہ تمہیں مجھ سے کون بچائے گا؟۔آپؐ نے فرمایا میں نے کہا اللہ۔آپؐ نے فرمایا پھر اس نے تلوار نیام میں کر لی اور یہ ہے وہ جو بیٹھا ہوا ہے۔رسول اللہ ﷺ نے اسے کچھ نہ کہا۔زہری سے روایت ہے کہ سنان بن ابو سنان الدؤلی اور ابو سلمۃ بن عبدالرحمٰن نے مجھے بتایا کہ حضرت جابرؓ بن عبداللہ انصاریؓ نے جو نبی ﷺ کے صحابہؓ میں سے تھے ان دونوں کو بتایا کہ وہ نبی ﷺ کے ہمراہ نجد کی طرف ایک غزوہ میں گئے۔پھر جب نبی ﷺ لوٹے تو وہ بھی آپؐ کے ساتھ لوٹ آئے۔پھر ان لوگوں کو ایک دن قیلولہ کے وقت نے آلیا۔باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

ایک روایت میں ہے حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ گئے یہاں تک کہ جب ہم ذات الرقاع پہنچے.... باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے لیکن اس میں ثُمَّ لَمْ يَعْرِضْ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ کے الفاظ نہیں ہیں۔

بِمَعْنَى حَدِيثِ الزُّهْرِيِّ وَلَمْ يَذْكُرْ ثُمَّ لَمْ يَعْرِضْ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [5950,5951,5952]

[5]5:بَاب:بَيَانُ مَثَلِ مَا بُعِثَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْهُدَى وَالْعِلْمِ

باب: جس ہدایت اور علم کے ساتھ نبی ﷺ کو مبعوث کیا گیا اس کی مثال کا بیان

4218{15}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو عَامِرٍ الْأَشْعَرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَاللَّفْظُ لِأَبِي عَامِرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مَثَلَ مَا بَعَثَنِيَ اللَّهُ بِهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الْهُدَى وَالْعِلْمِ كَمَثَلِ غَيْثٍ أَصَابَ أَرْضًا فَكَانَتْ مِنْهَا طَائِفَةٌ طَيِّبَةٌ قَبِلَتِ الْمَاءَ فَأَنْبَتَتِ الْكَلَأَ وَالْعُشْبَ الْكَثِيرَ وَكَانَ مِنْهَا أَجَادِبُ أَمْسَكَتِ الْمَاءَ فَنَفَعَ اللَّهُ بِهَا النَّاسَ فَشَرِبُوا مِنْهَا وَسَقَوْا وَرَعَوْا وَأَصَابَ طَائِفَةً مِنْهَا أُخْرَى إِنَّمَا هِيَ قِيعَانٌ لَا تُمْسِكُ مَاءً وَلَا تُنْبِتُ كَلَأً فَذَلِكَ مَثَلُ مَنْ فَقُهَ فِي دِينِ اللَّهِ وَنَفَعَهُ بِمَا بَعَثَنِيَ اللَّهُ بِهِ فَعَلِمَ وَعَلَّمَ وَمَثَلُ مَنْ لَمْ يَرْفَعْ بِذَلِكَ رَأْسًا وَلَمْ يَقْبَلْ هُدَى اللَّهِ الَّذِي أُرْسِلْتُ بِهِ[5953]

4218: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اس ہدایت اور علم کی مثال جس کے ساتھ اللہ عزّ وجل نے مجھے مبعوث فرمایا ہے اس بارش کی طرح ہے جو کسی زمین پر پڑی تو اس زمین کا ایک عمدہ حصہ تھا جس نے اس پانی کو قبول کر لیا اور کثرت سے جڑی بوٹیاں اور سبزہ اُگایا اور اس میں سے بعض سخت حصے تھے جنہوں نے پانی روک رکھا تو اللہ نے اس کے ذریعہ سے لوگوں کو فائدہ پہنچایا اور لوگوں نے اس میں سے پانی پیا اور سیراب کیا اور جانوروں کو چرایا۔اس کے ایک حصہ کو پانی پہنچا جو چٹیل میدان ہے نہ تو پانی روکتا ہے نہ ہی کوئی سبزہ اُگاتا ہے۔یہ مثال ہے اس کی جس نے اللہ کے دین کو سمجھا اور اللہ نے اس کو اس ذریعہ سے فائدہ پہنچایا جس کے ساتھ اللہ نے مجھے مبعوث فرمایا ہے۔پس اس نے سیکھا اور سکھایا اور اس کی مثال جس نے اس کے ساتھ اپنا سر اُٹھا کر بھی نہ دیکھا اور اُس ہدایت کو جس کے ساتھ

4218:تخریج : بخاری کتاب العلم باب فضل من علم و علّم 79

مجھے بھیجا گیا ہے قبول نہ کیا۔

[6]6: بَاب: شَفَقَتُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أُمَّتِهِ وَمُبَالَغَتُهُ فِي تَحْذِيرِهِمْ مِمَّا يَضُرُّهُمْ

باب: آپ ﷺ کی اپنی اُمت پر شفقت اور جو چیز انہیں نقصان دیتی ہے اُس کے بارہ میں آپؐ کی ان کو ہوشیار کرنے میں انتہائی کوشش

4219{16}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَاللَّفْظُ لِأَبِي كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ مَثَلِي وَمَثَلَ مَا بَعَثَنِيَ اللَّهُ بِهِ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَتَى قَوْمَهُ فَقَالَ يَا قَوْمِ إِنِّي رَأَيْتُ الْجَيْشَ بِعَيْنَيَّ وَإِنِّي أَنَا النَّذِيرُ الْعُرْيَانُ فَالنَّجَاءَ فَأَطَاعَهُ طَائِفَةٌ مِنْ قَوْمِهِ فَأَدْلَجُوا فَانْطَلَقُوا عَلَى مُهْلَتِهِمْ وَكَذَّبَتْ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ فَأَصْبَحُوا مَكَانَهُمْ فَصَبَّحَهُمُ الْجَيْشُ فَأَهْلَكَهُمْ وَاجْتَاحَهُمْ فَذَلِكَ مَثَلُ مَنْ أَطَاعَنِي وَاتَّبَعَ مَا جِئْتُ بِهِ وَمَثَلُ مَنْ عَصَانِي وَكَذَّبَ مَا جِئْتُ بِهِ مِنَ الْحَقِّ[5954]

4219: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اور اس ہدایت کی مثال جس کے ساتھ اللہ نے مجھے بھیجا ہے اس شخص کی مثال ہے جو اپنی قوم کے پاس آیا اور کہا اے میری قوم! یقیناً میں نے اپنی آنکھوں سے ایک لشکر دیکھا ہے اور میں کھلا کھلا ڈرانے والا ہوں۔ پس بچ جاؤ۔ پس اس کی قوم کے ایک گروہ نے اس کی اطاعت کر لی۔ وہ رات کو نکل گئے اور وقت کے اندر اندر چلے گئے اور ان میں سے ایک گروہ نے تکذیب کی اور وہ اپنی جگہوں پر ہی رہے اور اُس لشکر نے اُنہیں صبح آ لیا اور ہلاک کر دیا اور انہیں جڑ سے اکھیڑ دیا۔ یہ مثال اس شخص کی ہے جس نے میری اطاعت کی اور اس کی پیروی کی جو میں لے کر آیا ہوں اور اس کی مثال ہے جس نے میری نافرمانی کی اور تکذیب کی اس حق کی جسے میں لے کر آیا ہوں۔

4219: تخریج: بخاری کتاب الرقاق باب الانتهاء عن المعاصی 6483 کتاب الاعتصام بالقرآن والسنة باب الاقتداء بسنن رسول الله 7283

4220{17} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقُرَشِيُّ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُ أُمَّتِي كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا فَجَعَلَتِ الدَّوَابُّ وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيهِ فَأَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ وَأَنْتُمْ تَقَحَّمُونَ فِيهِ و حَدَّثَنَاه عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ[5955,5956]

4220 : حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اور میری امّت کی مثال اس شخص کی طرح ہے جس نے آگ جلائی اور کیڑے مکوڑے اور پروانے اس میں گرنے لگے اور میں تمہیں تمہاری کمروں سے پکڑے ہوئے ہوں اور تم اس (آگ) میں گرتے ہو۔

4221{18} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهَا جَعَلَ الْفَرَاشُ وَهَذِهِ الدَّوَابُّ الَّتِي فِي النَّارِ يَقَعْنَ فِيهَا وَجَعَلَ يَحْجُزُهُنَّ وَيَغْلِبْنَهُ فَيَتَقَحَّمْنَ فِيهَا

4221: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اس آدمی کی مثال کی طرح ہے جس نے آگ جلائی۔ جب اس نے اپنے ماحول کو روشن کر دیا تو پروانے اور کیڑے مکوڑے جو آگ میں (گرا کرتے ہیں) اس میں گرنے لگے اور وہ شخص ان کو روکنے لگا مگر وہ

4220:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب شفقته علی امّته ومبالغته فی تحذیرهم مما یضرهم 4221 ، 4222
تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ ووهبنا لداود سلیمان 3426 کتاب الرقاق باب الانتهاء عن المعاصی 6483 **ترمذی** کتاب الامثال باب ماجاء فی مثل ابن آدم 2874

4221:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب شفقته علی امّته ومبالغته فی تحذیرهم مما یضرهم 4220 ، 4222
تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ ووهبنا لداود سلیمان 3426 کتاب الرقاق باب الانتهاء عن المعاصی 6483 **ترمذی** کتاب الامثال باب ماجاء فی مثل ابن آدم 2874

قَالَ فَذَلِكُمْ مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ أَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ فَتَغْلِبُونِي تَقَحَّمُونَ فِيهَا[5957]

اس پر غالب آنے لگے اور وہ اس میں داخل ہونے لگے: حضورؐ نے فرمایا یہ میری اور تمہاری مثال ہے میں تمہیں آگ سے بچانے کے لئے تمہاری کمروں سے پکڑتا ہوں کہ آگ سے پرے ہٹ جاؤ آگ سے پرے ہٹ جاؤ لیکن تم مجھ پر غالب آتے ہو اور اس (آگ) میں پڑ جاتے ہو۔

4222{19}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سَلِيمٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ مِينَاءَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ أَوْقَدَ نَارًا فَجَعَلَ الْجَنَادِبُ وَالْفَرَاشُ يَقَعْنَ فِيهَا وَهُوَ يَذُبُّهُنَّ عَنْهَا وَأَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ وَأَنْتُمْ تَفَلَّتُونَ مِنْ يَدِي[5958]

4222: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری مثال اور تمہاری مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس نے آگ جلائی اور ٹڈیاں اور پروانے اس میں گرنے لگے اور وہ انہیں اس سے ہٹاتا ہے اور میں تمہیں تمہاری کمروں سے پکڑ کر آگ سے بچاتا ہوں اور تم میرے ہاتھ سے نکل نکل جاتے ہو۔

[7]7: بَاب: ذِكْرُ كَوْنِه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمَ النَّبِيِّينَ

باب: حضور ﷺ کے خَاتَمَ النَّبِيِّينَ ہونے کا ذکر

4223{20}حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَمَثَلِ

4223: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اور انبیاء کی مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس نے ایک عمارت بنائی اور اسے بہت اچھا اور خوبصورت بنایا اور لوگ اس کا یہ

4222: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب شفقته علی امّته ومبالغته فی تحذیرهم مما یضرهم 4220، 4221
تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ ووهبنا لداود سلیمان 3426 کتاب الرقاق باب الانتهاء عن المعاصی 6483 ترمذی کتاب الامثال باب ماجاء فی مثل ابن آدم 2874

4223: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب ذکر کونه خاتم النبین ﷺ 4224، 4225، 4226
تخریج: بخاری کتاب المناقب باب خاتم النبین ﷺ 3535

رَجُلٍ بَنَى بُنْيَانًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ فَجَعَلَ النَّاسُ يُطِيفُونَ بِهِ يَقُولُونَ مَا رَأَيْنَا بُنْيَانًا أَحْسَنَ مِنْ هَذَا إِلَّا هَذِهِ اللَّبِنَةَ فَكُنْتُ أَنَا تِلْكَ اللَّبِنَةَ [5959]

کہتے ہوئے طواف کرنے لگے کہ ہم نے اس سے اچھی عمارت نہیں دیکھی سوائے اس اینٹ (کی کمی) کے۔پس میں وہ اینٹ ہوں۔

4224{21} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ أَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ ابْتَنَى بُيُوتًا فَأَحْسَنَهَا وَأَجْمَلَهَا وَأَكْمَلَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهَا فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ وَيُعْجِبُهُمُ الْبُنْيَانُ فَيَقُولُونَ أَلَّا وَضَعَتْ هَاهُنَا لَبِنَةٌ فَيَتِمَّ بُنْيَانُكَ فَقَالَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ أَنَا اللَّبِنَةَ [5960]

4224:ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔جن میں سے ایک یہ ہے کہ ابوالقاسم ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اور مجھ سے پہلے انبیاء کی مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس نے کمرے بنائے۔پھر انہیں اچھا بنایا، انہیں خوبصورت بنایا اور انہیں مکمل کیا،سوائے ان کے کونوں میں سے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ کے۔لوگ طواف کرنے لگے اور وہ عمارت انہیں پسند آئی تو وہ کہنے لگے تو نے یہاں اینٹ کیوں نہیں رکھی کہ تیری عمارت مکمل ہو جاتی۔محمد ﷺ نے فرمایا: پس وہ اینٹ میں ہوں۔

4225{22} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَقُتَيْبَةُ وَابْنُ حُجْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنُونَ ابْنَ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ

4225: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری مثال اور مجھ سے قبل انبیاء کی مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس

4224:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب ذکر کونه خاتم النبین ﷺ 4223 ، 4225 ، 4226
تخریج : بخاری کتاب المناقب باب خاتم النبین ﷺ 3535
4225:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب ذکر کونه خاتم النبین ﷺ 4223 ، 4224 ، 4226
تخریج:بخاری کتاب المناقب باب خاتم النبین ﷺ 3535

أَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى بُنْيَانًا فَأَحْسَنَهُ وَأَجْمَلَهُ إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهُ فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوفُونَ بِهِ وَيَعْجَبُونَ لَهُ وَيَقُولُونَ هَلَّا وُضِعَتْ هَذِهِ اللَّبِنَةُ قَالَ فَأَنَا اللَّبِنَةُ وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلِي وَمَثَلُ النَّبِيِّينَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ[5961,5962]

نے ایک عمارت بنائی اور اسے عمدہ بنایا اور خوبصورت بنایا سوائے اس کے کونوں میں سے ایک کونے میں ایک اینٹ کی جگہ کے۔ لوگ اس کا طواف کرنے لگے اور اسے پسند کرنے لگے اور کہنے لگے کہ یہ اینٹ کیوں نہ رکھی گئی؟ آپؐ نے فرمایا: وہ اینٹ میں ہوں اور میں خاتم النبیینؐ ہوں۔

ایک اور روایت میں (مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ کی بجائے) مَثَلِي وَمَثَلُ النَّبِيِّينَ کے الفاظ ہیں۔

4226{23}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا سَلِيمُ بْنُ حَيَّانَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مِينَاءَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلِي وَمَثَلُ الْأَنْبِيَاءِ كَمَثَلِ رَجُلٍ بَنَى دَارًا فَأَتَمَّهَا وَأَكْمَلَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ فَجَعَلَ النَّاسُ يَدْخُلُونَهَا وَيَتَعَجَّبُونَ مِنْهَا وَيَقُولُونَ لَوْلَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَنَا مَوْضِعُ اللَّبِنَةِ جِئْتُ فَخَتَمْتُ الْأَنْبِيَاءَ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا

4226: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا میری مثال اور انبیاء کی مثال اس شخص کی مثال کی طرح ہے جس نے ایک گھر بنایا اسے ہر طرح سے مکمل کیا سوائے ایک اینٹ کی جگہ کے۔ پھر لوگ اس میں داخل ہونے لگے اور اس سے تعجب کرنے لگے اور کہنے لگے کہ اس اینٹ کی جگہ کیوں پُر نہیں کی گئی؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں اس اینٹ کی جگہ ہوں اور میں آیا اور میں نے نبیوں کو ختم کر دیا۔

ایک اور روایت میں (أَتَمَّهَا کی بجائے) أَحْسَنَهَا کے الفاظ ہیں۔

4226 : اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب ذکر کونه خاتم النبیین ﷺ 4223 ، 4224 ، 4225

تخریج: بخاری کتاب المناقب باب خاتم النبیین ﷺ 3535

ابْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا سَلِيمٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ بَدَلَ أَتَمَّهَا أَحْسَنَهَا[5961,5962]

[8]8:بَاب: إِذَا أَرَادَ اللَّهُ تَعَالَى رَحْمَةَ أُمَّةٍ قَبَضَ نَبِيَّهَا قَبْلَهَا

اللہ جب کسی امت پر رحمت کا اِرادہ فرماتا ہے تو اس سے قبل اس کے نبی (کی روح) کو قبض کر لیتا ہے

4227{24}قَالَ مُسْلِم وَحُدِّثْتُ عَنْ أَبِي أُسَامَةَ وَمِمَّنْ رَوَى ذَلِكَ عَنْهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنِي بُرَيْدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا أَرَادَ رَحْمَةَ أُمَّةٍ مِنْ عِبَادِهِ قَبَضَ نَبِيَّهَا قَبْلَهَا فَجَعَلَهُ لَهَا فَرَطًا وَسَلَفًا بَيْنَ يَدَيْهَا وَإِذَا أَرَادَ هَلَكَةَ أُمَّةٍ عَذَّبَهَا وَنَبِيُّهَا حَيٌّ فَأَهْلَكَهَا وَهُوَ يَنْظُرُ فَأَقَرَّ عَيْنَهُ بِهَلَكَتِهَا حِينَ كَذَّبُوهُ وَعَصَوْا أَمْرَهُ[5965]

4227:حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ یقیناً اللہ تعالیٰ جب اپنے بندوں میں سے کسی جماعت پر رحمت کا ارادہ فرماتا ہے تو اس سے قبل اس کے نبی (کی رُوح) کو قبض کر لیتا ہے اور اسے اس امت کے لئے آگے جانے والا اور پیش رو بنا دیتا ہے اور جب کسی امت کی ہلاکت کا ارادہ فرماتا ہے تو وہ اسے عذاب دیتا ہے جبکہ اس کا نبی زندہ ہوتا ہے اور اسے اس طرح ہلاک کرتا ہے کہ وہ (نبی) دیکھ رہا ہوتا ہے اور ان کی ہلاکت سے اس کی آنکھ ٹھنڈی کرتا ہے کیونکہ انہوں نے اس کی تکذیب کی ہوتی ہے اور اس کے حکم کی نافرمانی کی ہوتی ہے۔

[9]9:بَاب إِثْبَاتِ حَوْضِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصِفَاتِهِ

ہمارے نبی ﷺ کا حوض اور اس کی صفات کا بیان

4228{25}حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ

4228:حضرت جندبؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں حوض پر

4228 : اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب اثبات حوض نبينا ﷺ وصفاته 4229 ،4230 ،4231 ،4232 ، 4233 ، 4234 ، 4235 ، 4236 ، 4237 ، 4238 ، 4239 ، 4240 ، 4241 ، 4242 ، 4243 ، 4244 ، 4245 ، 4246 ، 4247 ، 4248 ، 4249

عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ جُنْدَبًا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ بِشْرٍ جَمِيعًا عَنْ مِسْعَرٍ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ كِلَاهُمَا عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ جُنْدَبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ [5966,5967]

تمہارے لئے پیش رو ہوں گا۔

4229{26} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ

4229: ابو حازم کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سہلؓ کو سنا وہ کہہ رہے تھے کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے

تخریج : بخاری کتاب المساقاة باب من رأى ان صاحب الحوض 2367 کتاب الرقائق باب فی الحوض 6577، 6580، 6582، 6585، 6586، 6592 کتاب الجنائز باب الصلاة على الشهيد 1344 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3596 کتاب المغازی باب غزوة احد 4042 باب احد يحبنا ونحبه 4085 کتاب الرقاق باب ما يحذر من زهرة الدنيا 6425، 6462 باب فی الحوض 6575، 6576، 6585، 6589، 6590 کتاب الفتن باب ماجاء فی قول الله تعالیٰ واتقوا فتنة لا تصيبنّ 7049، 7050 **ترمذی** کتاب صفةالقيامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة الحوض 2442 **نسائی** کتاب الافتتاح قراءة بسم الله الرحمان الرحيم 904 کتاب الجنائز الصلاة على الشهدآء 1954 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی الحوض 4745 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الخطبة يوم النحر 3057 کتاب الزهد باب ذكر الحوض 4304، 4305، 4306

4229 : اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب اثبات حوض نبينا ﷺ وصفاته 4228، 4230، 4231، 4232، 4233، 4234، 4235، 4236، 4237، 4238، 4239، 4240، 4241، 4242، 4243، 4244، 4245، 4246، 4247، 4248، 4249

تخریج : بخاری کتاب المساقاة باب من رأى ان صاحب الحوض 2367 کتاب الرقائق باب فی الحوض 6577، 6580، 6582، 6585، 6586، 6592 کتاب الجنائز باب الصلاة على الشهيد 1344 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3596 کتاب المغازی باب غزوة احد 4042 باب احد يحبنا ونحبه 4085 کتاب الرقاق باب ما يحذر من زهرة الدنيا 6425، 6462 باب فی الحوض 6575، 6576، 6585، 6589، 6590 کتاب الفتن باب ماجاء فی قول الله تعالیٰ واتقوا فتنة لا تصيبنّ 7049، 7050 **ترمذی** کتاب صفةالقيامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة الحوض 2442 **نسائی** کتاب الافتتاح قراءة بسم الله الرحمان الرحيم 904 کتاب الجنائز الصلاة على الشهدآء 1954 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی الحوض 4745 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الخطبة يوم النحر 3057 کتاب الزهد باب ذكر الحوض 4304، 4305، 4306

أَبِي حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلًا يَقُولُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ مَنْ وَرَدَ شَرِبَ وَمَنْ شَرِبَ لَمْ يَظْمَأْ أَبَدًا وَلَيَرِدَنَّ عَلَيَّ أَقْوَامٌ أَعْرِفُهُمْ وَيَعْرِفُونِي ثُمَّ يُحَالُ بَيْنِي وَبَيْنَهُمْ قَالَ أَبُو حَازِمٍ فَسَمِعَ النُّعْمَانُ بْنُ أَبِي عَيَّاشٍ وَأَنَا أُحَدِّثُهُمْ هَذَا الْحَدِيثَ فَقَالَ هَكَذَا سَمِعْتَ سَهْلًا يَقُولُ قَالَ فَقُلْتُ نَعَمْ قَالَ وَأَنَا أَشْهَدُ عَلَى أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ لَسَمِعْتُهُ يَزِيدُ فَيَقُولُ إِنَّهُمْ مِنِّي فَيُقَالُ إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا عَمِلُوا بَعْدَكَ فَأَقُولُ سُحْقًا سُحْقًا لِمَنْ بَدَّلَ بَعْدِي و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي أُسَامَةُ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ يَعْقُوبَ[5968,5969,5970]

ہوئے سنا کہ میں حوض پر تمہارا پیش رو ہوں گا۔ جو اس پر آئے گا وہ پیئے گا اور جو کچھ پیئے گا وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا۔ میرے پاس ایسے لوگ آئیں گے جنہیں میں پہچان لوں گا اور وہ مجھے پہچان لیں گے۔ پھر میرے اور ان کے درمیان روک حائل کر دی جائے گی۔ ابوحازم کہتے ہیں کہ لقمان بن ابوعیاش نے سنا جب میں لوگوں کو یہ روایت سنا رہا تھا تو انہوں نے کہا کہ تم نے حضرت سہلؓ کو اسی طرح کہتے سنا تھا؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا ہاں انہوں نے کہا کہ میں حضرت ابوسعید خدریؓ کے بارہ میں گواہی دیتا ہوں۔ میں نے انہیں مزید کہتے ہوئے سنا کہ آپ ﷺ فرمائیں گے کہ وہ مجھ سے ہیں۔ تب کہا جائے گا کہ تم نہیں جانتے کہ انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا۔ تب میں کہوں گا کہ ہلاکت ہو۔ ہلاکت ہو اس کے لئے جس نے میرے بعد (دین کو) بدل دیا۔

4230{27} و حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ عَنْ

4230: ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ نے کہا کہ

4230:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب اثبات حوض نبینا ﷺ وصفاته 4228، 4229، 4231، 4232، 4233، 4234، 4235، 4236، 4237، 4238، 4239، 4240، 4241، 4242، 4243، 4244، 4245، 4246، 4247، 4248، 4249 =

ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَوْضِي مَسِيرَةُ شَهْرٍ وَزَوَايَاهُ سَوَاءٌ وَمَاؤُهُ أَبْيَضُ مِنَ الْوَرِقِ وَرِيحُهُ أَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ وَكِيزَانُهُ كَنُجُومِ السَّمَاءِ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَا يَظْمَأُ بَعْدَهُ أَبَدًا[5971]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرا حوض ایک ماہ کی مسافت کے برابر ہے۔اس کے کنارے ایک جیسے ہیں۔اس کا پانی چاندی سے زیادہ سفید ہے اور اس کی خوشبو مشک سے زیادہ اچھی ہے اور اس کے کوزے آسمان کے ستاروں کی مانند ہیں۔جس نے اس میں سے پی لیا وہ اس کے بعد کبھی پیاسا نہ ہوگا۔

4231{...}قَالَ وَقَالَتْ أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي عَلَى الْحَوْضِ حَتَّى أَنْظُرَ مَنْ يَرِدُ عَلَيَّ مِنْكُمْ وَسَيُؤْخَذُ أُنَاسٌ دُونِي فَأَقُولُ يَا رَبِّ مِنِّي وَمِنْ أُمَّتِي فَيُقَالُ أَمَا شَعَرْتَ مَا عَمِلُوا بَعْدَكَ وَاللَّهِ مَا بَرِحُوا بَعْدَكَ يَرْجِعُونَ عَلَى

4231:وہ (ابن ابی ملیکہ) کہتے ہیں کہ حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ نے بیان کیا۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں حوض پر ہوں گا اور میں اسے دیکھوں گا جو تم میں سے میرے پاس آتا ہے۔اور کچھ لوگ مجھ سے لے لئے جائیں گے تو میں کہوں گا کہ اے میرے ربّ! یہ مجھ سے ہیں اور میری امت سے ہیں۔تو کہا

=**تخریج : بخاری** کتاب المساقاة باب من رأی ان صاحب الحوض2367 کتاب الرقائق باب فی الحوض 6577، 6580، 6582، 6585، 6586، 6592 کتاب الجنائز باب الصلاة علی الشهید 1344 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3596 کتاب المغازی باب غزوة احد 4042 باب احد یحبنا ونحبه 4085 کتاب الرقاق باب ما یحذر من زهرة الدنیا 6425، 6462 باب فی الحوض 6575، 6576، 6585، 6589، 6590 کتاب الفتن باب ماجاء فی قول الله تعالیٰ واتقوا فتنة لا تصیبنّ 7049، 7050 **ترمذی** کتاب صفةالقیامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة الحوض2442 **نسائی** کتاب الافتتاح قراءة بسم الله الرحمان الرحیم 904 کتاب الجنائز الصلاة علی الشهدآء 1954 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی الحوض 4745 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الخطبة یوم النحر3057 کتاب الزهد باب ذکر الحوض4304، 4305، 4306

4231:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب اثبات حوض نبینا ﷺ وصفاته 4228، 4229، 4230، 4232، 4233، 4234، 4235، 4236، 4237، 4238، 4239، 4240، 4241، 4242، 4243، 4244، 4245، 4246، 4247، 4248، 4249

تخریج : بخاری کتاب المساقاة باب من رأی ان صاحب الحوض2367 کتاب الرقائق باب فی الحوض 6577، 6580، 6582، 6585، 6586، 6592 کتاب الجنائز باب الصلاة علی الشهید 1344 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3596 کتاب المغازی باب غزوة احد 4042 باب احد یحبنا ونحبه 4085 کتاب الرقاق باب ما یحذر من زهرة الدنیا 6425، 6462 باب فی الحوض 6575، 6576، 6585، 6589، 6590 کتاب الفتن باب ماجاء فی قول الله تعالیٰ واتقوا فتنة لا تصیبنّ 7049، 7050 **ترمذی** کتاب صفةالقیامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة الحوض 2442 **نسائی** کتاب الافتتاح قراءة بسم الله الرحمان الرحیم 904 کتاب الجنائز الصلاة علی الشهدآء 1954 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی الحوض 4745 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الخطبة یوم النحر3057 کتاب الزهد باب ذکر الحوض4304، 4305، 4306

أَعْقَابِهِمْ قَالَ فَكَانَ ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ يَقُولُ اللَّهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ أَنْ نَرْجِعَ عَلَى أَعْقَابِنَا أَوْ أَنْ نُفْتَنَ عَنْ دِينِنَا[5972]

جائے گا کیا تمہیں معلوم نہیں کہ انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا؟ اللہ کی قسم! تمہارے بعد یہ اپنی ایڑیوں کے بل پھر جاتے رہے۔ راوی کہتے ہیں کہ ابن ابی ملیکہ کہا کرتے تھے کہ اے اللہ! ہم اس سے تیری پناہ میں آتے ہیں کہ ہم اپنی ایڑیوں کے بل پھر جائیں یا ہم اپنے دین کے بارہ میں فتنہ میں ڈالے جائیں۔

4232{28} وحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ أَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ تَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ أَصْحَابِهِ إِنِّي عَلَى الْحَوْضِ أَنْتَظِرُ مَنْ يَرِدُ عَلَيَّ مِنْكُمْ فَوَاللَّهِ لَيُقْتَطَعَنَّ دُونِي رِجَالٌ فَلَأَقُولَنَّ أَيْ رَبِّ مِنِّي وَمِنْ أُمَّتِي فَيَقُولُ إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا عَمِلُوا بَعْدَكَ مَا زَالُوا يَرْجِعُونَ عَلَى أَعْقَابِهِمْ[5973]

4232: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے اور آپؐ اپنے صحابہؓ کے درمیان تشریف فرما تھے کہ میں حوض پر انتظار کروں گا کہ تم میں سے کون میرے پاس آتا ہے اور اللہ کی قسم! بعض لوگوں کو میرے پاس آنے سے روک دیا جائے گا تو میں کہوں گا اے میرے رب یہ مجھ سے ہیں اور میری امت میں سے ہیں۔ تب وہ فرمائے گا: تم نہیں جانتے کہ انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا۔ یہ اپنی ایڑیوں کے بل پھر جاتے رہے۔

4232: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب اثبات حوض نبینا ﷺ وصفاته 4228، 4229، 4230، 4231، 4233، 4234، 4235، 4236، 4237، 4238، 4239، 4240، 4241، 4242، 4243، 4244، 4245، 4246، 4247، 4248، 4249

تخریج: بخاری کتاب المساقاة باب من رأى ان صاحب الحوض 2367 کتاب الرقائق باب فی الحوض 6577، 6580، 6582، 6585، 6586، 6592 کتاب الجنائز باب الصلاة على الشهيد 1344 کتاب المناقب باب علامات النبوة فی الاسلام 3596 کتاب المغازی باب غزوة احد 4042 باب احد يحبنا ونحبه 4085 کتاب الرقاق باب ما يحذر من زهرة الدنيا 6425، 6462 باب فی الحوض 6575، 6576، 6585، 6589، 6590 کتاب الفتن باب ماجاء فی قول الله تعالیٰ واتقوا فتنة لا تصيبنّ 7049، 7050 **ترمذی** کتاب صفةالقيامة والرقائق والورع باب ما جاء فی صفة الحوض 2442 **نسائی** کتاب الافتتاح قراءة بسم الله الرحمان الرحيم 904 کتاب الجنائز الصلاة على الشهدآء 1954 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی الحوض 4745 **ابن ماجه** کتاب المناسک باب الخطبة يوم النحر 3057 کتاب الزهد باب ذكر الحوض 4304، 4305، 4306

4233 {29} وحَدَّثَنِي يُونُسُ بْنُ عَبْدِالْأَعْلَى الصَّدَفِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرٌو وَهُوَ ابْنُ الْحَارِثِ أَنَّ بُكَيْرًا حَدَّثَهُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبَّاسٍ الْهَاشِمِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَافِعٍ مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ كُنْتُ أَسْمَعُ النَّاسَ يَذْكُرُونَ الْحَوْضَ وَلَمْ أَسْمَعْ ذَلِكَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا كَانَ يَوْمًا مِنْ ذَلِكَ وَالْجَارِيَةُ تَمْشُطُنِي فَسَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَيُّهَا النَّاسُ فَقُلْتُ لِلْجَارِيَةِ اسْتَأْخِرِي عَنِّي قَالَتْ إِنَّمَا دَعَا الرِّجَالَ وَلَمْ يَدْعُ النِّسَاءَ فَقُلْتُ إِنِّي مِنَ النَّاسِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَكُمْ فَرَطٌ عَلَى الْحَوْضِ فَإِيَّايَ لَا يَأْتِيَنَّ أَحَدُكُمْ فَيُذَبُّ عَنِّي كَمَا يُذَبُّ

4233: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہؓ بیان فرماتی ہیں کہ میں لوگوں کو حوض کا ذکر کرتے ہوئے سنا کرتی تھی لیکن رسول اللہ ﷺ سے اس بارہ میں میں نے نہیں سنا تھا۔ انہی دنوں ایک روز جب ایک لڑکی مجھے کنگھی کر رہی تھی تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے لوگو! اس پر میں نے لڑکی سے کہا: ہٹ جاؤ، لڑکی نے کہا کہ حضورؐ نے تو صرف مردوں کو بلایا ہے عورتوں کو نہیں بلایا۔ اس پر میں نے کہا کہ میں لوگوں میں سے ہوں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تمہارے لئے حوض پر پیش رو ہوں گا۔ پس تم میں سے کوئی میرے پاس اس حال میں نہ آئے کہ اُسے مجھ سے دور کر دیا جائے جیسے (کوئی) بھٹکا ہوا اُونٹ ہٹایا جاتا ہے۔ تو میں کہوں گا کہ ایسا کیوں ہے؟ تو کہا جائے گا کہ تمہیں معلوم نہیں کہ انہوں نے تمہارے بعد کیا کیا۔ پھر میں کہوں گا دوری ہو۔ ایک اور روایت میں ہے حضرت ام سلمہؓ

4233: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب اثبات حوض نبینا ﷺ وصفاته 4228، 4229، 4230، 4231، 4232، 4234، 4235، 4236، 4237، 4238، 4239، 4240، 4241، 4242، 4243، 4244، 4245، 4246، 4247، 4248، 4249

تخریج: بخاری کتاب الوصایا باب استخدام الیتیم فی السفر والحضر 2768 کتاب الادب باب حسن الخلق والسخاء 6038 کتاب الدیات باب من استعان عبداً او صبیاً 6911 **ترمذی** کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی خلق النبی ﷺ 2015 **ابو داؤد** کتاب الادب باب فی الحلم واخلاق النبی ﷺ 4773، 4774

4260: تخریج: بخاری کتاب الادب باب حسن الخلق والسخاء 6034

عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ مَا سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ فَقَالَ لَا و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا الْأَشْجَعِيُّ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ يَعْنِي ابْنَ مَهْدِيٍّ كِلَاهُمَا عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ مِثْلَهُ سَوَاءً[6018,6019]

مانگی گئی ہو اور آپؐ نے ''نہ'' کہا ہو۔

4261{57} وحَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ مُوسَى بْنِ أَنَسٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ مَا سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْإِسْلَامِ شَيْئًا إِلَّا أَعْطَاهُ قَالَ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَأَعْطَاهُ غَنَمًا بَيْنَ جَبَلَيْنِ فَرَجَعَ إِلَى قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ أَسْلِمُوا فَإِنَّ مُحَمَّدًا يُعْطِي عَطَاءً لَا يَخْشَى الْفَاقَةَ [6020]

4261: موسیٰ بن انس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب بھی رسول اللہ ﷺ سے اسلام پر کوئی چیز مانگی گئی آپؐ نے وہ عطا فرمائی۔ وہ کہتے ہیں ایک شخص آپؐ کے پاس آیا۔ آپؐ نے اسے دو پہاڑوں کے درمیان (کی تمام) بکریاں عطا فرمائیں۔ وہ اپنی قوم کی طرف لوٹا اور کہا اے میری قوم! اسلام لے آؤ۔ محمد ﷺ تو اتنا دیتے ہیں کہ فاقہ کا ڈر نہیں رہتا۔

4262{58}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمًا بَيْنَ جَبَلَيْنِ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ فَأَتَى قَوْمَهُ فَقَالَ أَيْ قَوْمِ أَسْلِمُوا

4262: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ سے دو پہاڑوں کے درمیان جتنی (بھی) بکریاں تھیں مانگ لیں۔ آپؐ نے اسے وہ عطا فرما دیں۔ پھر وہ اپنی قوم کے پاس آیا اور کہا اے میری قوم! اسلام لے آؤ۔ خدا کی قسم! محمد ﷺ تو اتنا دیتے

4261:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب ما سُئل رسول الله شيأً قطّ فقال لا وكثرة عطائه 4262

4262:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب ما سُئل رسول الله شيأً قطّ فقال لا وكثرة عطائه 4261

فَوَاللَّهِ إِنَّ مُحَمَّدًا لَيُعْطِي عَطَاءً مَا يَخَافُ الْفَقْرَ فَقَالَ أَنَسٌ إِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيُسْلِمُ مَا يُرِيدُ إِلَّا الدُّنْيَا فَمَا يُسْلِمُ حَتَّى يَكُونَ الْإِسْلَامُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا [6021]

ہیں کہ غُربت کا ڈر نہیں رہتا۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ بعض اوقات کوئی آدمی صرف دنیا کے لئے اسلام قبول کرتا تھا مگر جونہی اسلام قبول کرتا تو اسلام اسے دنیا و مافیھا سے بڑھ کر محبوب ہو جاتا تھا۔

4263{59} وحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ غَزَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ الْفَتْحِ فَتْحِ مَكَّةَ ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَنْ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَاقْتَتَلُوا بِحُنَيْنٍ فَنَصَرَ اللَّهُ دِينَهُ وَالْمُسْلِمِينَ وَأَعْطَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ صَفْوَانَ بْنَ أُمَيَّةَ مِائَةً مِنَ النَّعَمِ ثُمَّ مِائَةً ثُمَّ مِائَةً قَالَ ابْنُ شِهَابٍ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ صَفْوَانَ قَالَ وَاللَّهِ لَقَدْ أَعْطَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَعْطَانِي وَإِنَّهُ لَأَبْغَضُ النَّاسِ إِلَيَّ فَمَا بَرِحَ يُعْطِينِي حَتَّى إِنَّهُ لَأَحَبُّ النَّاسِ إِلَيَّ [6022]

4263: ابنِ شہاب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے الفتح یعنی فتحِ مکہ کا غزوہ سرانجام دیا رسول اللہ ﷺ ان مسلمانوں کے ساتھ نکلے جو آپؐ کے ہمراہ تھے۔ حُنین کے مقام پر انہوں نے جنگ کی تو اللہ نے اپنے دین اور مسلمانوں کی مدد فرمائی۔ اس روز رسول اللہ ﷺ نے صفوان بن امیّہ کو سو[100] اونٹ دیئے پھر سو دیئے پھر سو (اور) دیئے۔

ابنِ شہاب کہتے ہیں کہ مجھے سعید بن مسیّب نے بتایا کہ حضرت صفوانؓ نے کہا کہ خدا کی قسم! مجھے رسول اللہ ﷺ نے دیا اور جو دیا، جبکہ لوگوں میں سے سب سے زیادہ مجھے آپؐ کی ذات سے بُغض تھا آپؐ مجھے عطا فرماتے رہے یہانتک کہ آپؐ مجھے سب لوگوں سے زیادہ محبوب ہو گئے۔

4264{60} حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ

4264: حضرت جابرؓ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اگر ہمارے پاس بحرین کا مال آیا تو میں تمہیں ایسے اور ایسے اور ایسے دوں

4263: تخریج : ترمذی کتاب الزکاۃ باب ماجاء فی اعطاء المؤلفۃ قلوبھم 666

4264: تخریج : بخاری کتاب الکفالۃ باب من تکفل عن میت ديناً 2296

أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ وَعَنْ عَمْرٍو عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ جَابِرٍ أَحَدُهُمَا يَزِيدُ عَلَى الْآخَرِ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ الْمُنْكَدِرِ يَقُولُ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ سُفْيَانُ وَسَمِعْتُ أَيْضًا عَمْرَو بْنَ دِينَارٍ يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ وَزَادَ أَحَدُهُمَا عَلَى الْآخَرِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ قَدْ جَاءَنَا مَالُ الْبَحْرَيْنِ لَقَدْ أَعْطَيْتُكَ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا وَقَالَ بِيَدَيْهِ جَمِيعًا فَقُبِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ أَنْ يَجِيءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ فَقَدِمَ عَلَى أَبِي بَكْرٍ بَعْدَهُ فَأَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى مَنْ كَانَتْ لَهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ أَوْ دَيْنٌ فَلْيَأْتِ فَقُمْتُ فَقُلْتُ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ قَدْ جَاءَنَا مَالُ الْبَحْرَيْنِ أَعْطَيْتُكَ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا فَحَثَى أَبُو بَكْرٍ مَرَّةً ثُمَّ قَالَ لِي عُدَّهَا فَعَدَدْتُهَا فَإِذَا هِيَ خَمْسُ مِائَةٍ فَقَالَ خُذْ مِثْلَيْهَا{61} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ مَيْمُونٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو

گا۔آپؐ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اکٹھا کرتے ہوئے ارشادفرمایا لیکن بحرین کا مال آنے سے قبل نبی ﷺ کی وفات ہوگئی۔پھر وہ(مال) آپؐ کے بعد حضرت ابوبکرؓ کے پاس آیا۔آپؓ نے ایک اعلان کرنے والے کوحکم دیا کہ جس کا نبی ﷺ کے ذمہ کوئی وعدہ یا قرض ہوتو اسے چاہئے کہ وہ آئے۔اس پر میں کھڑا ہوگیااورعرض کیا کہ نبی ﷺ نے فرمایا تھا کہ اگر بحرین کا مال آیا تو میں تمہیں ایسے اور ایسے اور ایسے دوں گا۔اس پرحضرت ابوبکرؓ نے ایک اوک بھرا پھر مجھ سے فرمایا کہ اس کی گنتی کرو۔چنانچہ میں نے گنا تو وہ پانچ سو نکلے۔پھرآپؓ نے فرمایا کہ اس سے دوگنا اور لے لو۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے جب نبی ﷺ فوت ہو گئے تو حضرت ابوبکرؓ کے پاس علاء بن حضرمی کی طرف سے مال آیا۔اس پر حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا: جس کسی کا نبی ﷺ کے ذمہ کوئی قرض یا آپؐ کی طرف سے کوئی وعدہ ہوتو اسے چاہئے کہ وہ ہمارے پاس آئے ....باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

بْنُ دِينَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ وَأَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ لَمَّا مَاتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ أَبَا بَكْرٍ مَالٌ مِنْ قِبَلِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ مَنْ كَانَ لَهُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنٌ أَوْ كَانَتْ لَهُ قِبَلَهُ عِدَةٌ فَلْيَأْتِنَا بِنَحْوِ حَدِيثِ ابْنِ عُيَيْنَةَ [6023,6024]

[15]15:بَاب رَحْمَتِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصِّبْيَانَ وَالْعِيَالَ وَتَوَاضُعِهِ وَفَضْلِ ذَلِكَ

رسول اللہ ﷺ کی بچوں اور اہل وعیال پر رحمت وشفقت اور آپؐ کی تواضع اور اس کی فضیلت کا بیان

4265{62} حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ وَشَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ كِلَاهُمَا عَنْ سُلَيْمَانَ وَاللَّفْظُ لِشَيْبَانَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ لِيَ اللَّيْلَةَ غُلَامٌ فَسَمَّيْتُهُ بِاسْمِ أَبِي إِبْرَاهِيمَ ثُمَّ دَفَعَهُ إِلَى أُمِّ سَيْفٍ امْرَأَةِ قَيْنٍ يُقَالُ لَهُ أَبُو سَيْفٍ فَانْطَلَقَ يَأْتِيهِ وَاتَّبَعْتُهُ فَانْتَهَيْنَا إِلَى أَبِي سَيْفٍ وَهُوَ يَنْفُخُ بِكِيرِهِ قَدِ امْتَلَأَ الْبَيْتُ

4265: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا رات میرے ہاں بچہ کی ولادت ہوئی۔میں نے اس کا نام اپنے باپ ابراہیم کے نام پر رکھا ہے۔پھر آپؐ نے اسے ایک لوہار ابوسیف کی بیوی امّ سیف کے پاس بھیج دیا۔ حضورؐ اس کے پاس جانے کے لئے چلے اور میں بھی آپؐ کے ساتھ گیا۔ہم ابوسیف کے پاس پہنچے اور وہ بھٹی دھونک رہا تھا۔اس کا گھر دھوئیں سے بھر گیا تھا۔تو میں تیزی سے رسول اللہ ﷺ کے

4265:تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب قول النبی ﷺ انا بک لمحزونون 1303 **ابوداؤد** کتاب الجنائز باب فی البکاء علی المیت 3126

دُخَانًا فَأَسْرَعْتُ الْمَشْيَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا أَبَا سَيْفٍ أَمْسِكْ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمْسَكَ فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّبِيِّ فَضَمَّهُ إِلَيْهِ وَقَالَ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَقُولَ فَقَالَ أَنَسٌ لَقَدْ رَأَيْتُهُ وَهُوَ يَكِيدُ بِنَفْسِهِ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَمَعَتْ عَيْنَا رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ وَلَا نَقُولُ إِلَّا مَا يَرْضَى رَبُّنَا وَاللَّهِ يَا إِبْرَاهِيمُ إِنَّا بِكَ لَمَحْزُونُونَ[6025]

آگے چلا۔میں نے کہااے ابوسیف!رُک جاؤ، رسول اللہ ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔وہ رُک گیا۔ پھر نبی ﷺ نے بچہ کو بلوایا اور اسے اپنے ساتھ چمٹایا پھر جو اللہ نے چاہا آپؐ نے فرمایا۔حضرت انسؓ کہتے ہیں میں نے دیکھا ہے کہ وہ (بچہ) رسول اللہ ﷺ کے سامنے آخری سانس لے رہا تھا اور رسول اللہ ﷺ کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔پھر آپؐ نے فرمایا آنکھ آنسو بہاتی ہے اور دل غمگین ہوتا ہے مگر ہم اس کے سوا کچھ نہیں کہتے سوائے اس کے جس میں ہمارے رب کی رضا ہے۔خدا کی قسم اے ابراہیمؓ!یقیناً ہم تیری وجہ سے غمگین ہیں۔

4266{63}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ أَحَدًا كَانَ أَرْحَمَ بِالْعِيَالِ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ إِبْرَاهِيمُ مُسْتَرْضِعًا لَهُ فِي عَوَالِي الْمَدِينَةِ فَكَانَ يَنْطَلِقُ وَنَحْنُ مَعَهُ فَيَدْخُلُ الْبَيْتَ وَإِنَّهُ لَيُدَّخَنُ وَكَانَ ظِئْرُهُ قَيْنًا فَيَأْخُذُهُ فَيُقَبِّلُهُ ثُمَّ يَرْجِعُ قَالَ عَمْرٌو فَلَمَّا تُوُفِّيَ إِبْرَاهِيمُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

4266: حضرت انسؓ بن مالک بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے بڑھ کر بچّوں پر شفقت کرنے والا کوئی نہیں دیکھا۔وہ کہتے ہیں کہ ابراہیم کے لئے مدینہ کے بالائی مضافات میں دودھ پلانے کا انتظام تھا اور حضورؐ وہاں جایا کرتے تو ہم بھی آپؐ کے ساتھ ہوتے۔آپؐ گھر میں داخل ہوتے تو وہاں بہت دھواں ہوتا۔ابراہیم کا رضاعی باپ لوہار تھا۔ پس حضورؐ اسے (ابراہیم کو) لیتے اور اسے بوسہ دیتے پھر واپس آ جاتے۔عمرو نے کہا کہ جب ابراہیم کی وفات ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابراہیم میرا بیٹا ہے اور اس کی وفات شیر خوارگی میں ہوئی ہے

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ ابْنِي وَإِنَّهُ مَاتَ فِي الثَّدْيِ وَإِنَّ لَهُ لَظِئْرَيْنِ تُكَمِّلَانِ رَضَاعَهُ فِي الْجَنَّةِ [6026]

اس کے لئے یقیناً اس کی دو رضاعی مائیں ہیں جو اس کی رضاعت جنّت میں مکمل کریں گی۔

4267{64}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدِمَ نَاسٌ مِنَ الْأَعْرَابِ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا أَتُقَبِّلُونَ صِبْيَانَكُمْ فَقَالُوا نَعَمْ فَقَالُوا لَكِنَّا وَاللَّهِ مَا نُقَبِّلُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمْلِكُ إِنْ كَانَ اللَّهُ نَزَعَ مِنْكُمُ الرَّحْمَةَ و قَالَ ابْنُ نُمَيْرٍ مِنْ قَلْبِكَ الرَّحْمَةَ [6027]

4267: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ کچھ بادیہ نشین رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: کیا آپ لوگ اپنے بچوں کو بوسہ دیتے ہیں؟ انہوں نے کہا: ہاں۔ انہوں نے کہا مگر بخدا! ہم تو بوسہ نہیں دیتے۔ اِس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھ کو کیا اختیار ہے اگر اللہ نے تم سے رحمت چھین لی ہے؟

ایک اور روایت میں ''تمہارے دل سے رحمت'' کے الفاظ ہیں۔

4268{65} و حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ قَالَ عَمْرٌو حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ الْأَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ أَبْصَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُ الْحَسَنَ فَقَالَ إِنَّ لِي عَشَرَةً مِنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ وَاحِدًا مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ

4268: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ اقرع بن حابس نے نبی ﷺ کو دیکھا۔ آپؐ حضرت حسنؓ کا بوسہ لے رہے تھے۔ اس نے کہا: میرے دس بچے ہیں میں نے کبھی ان میں سے کسی کا بوسہ نہیں لیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

4267:تخریج : **بخاری** کتاب الادب باب رحمة الولد وتقبيله 5998 **ابن ماجه** کتاب الادب باب برّ الوالد والاحسان الى البنات 3665

4268:اطراف :**مسلم** کتاب الفضائل باب رحمته الصبيان والعيال وتواضعه وفضل ذلک 4269

تخریج : **بخاری** کتاب الادب باب رحمة الولد وتقبيله 5997 باب رحمة الناس والبهائم 6013 کتاب التوحيد باب قول الله تبارک وتعالى قل ادعوا الله او الرحمن 7376 **ترمذی** کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فى رحمة الود 1911 باب ماجاء فى رحمة الناس 1922 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فى قبلة الرجل ولده 5218

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ مَنْ لَا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ[6028,6029]

4269{66} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ كِلَاهُمَا عَنْ جَرِيرٍ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَعَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَا أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا حَفْصٌ يَعْنِي ابْنَ غِيَاثٍ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ وَأَبِي ظَبْيَانَ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ جَرِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَأَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

4269: حضرت جریر بن عبداللہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا اللہ عزوجل اس پر رحم نہیں کرتا۔

4269:اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب رحمته الصبيان والعيال وتواضعه وفضل ذلک 4268

تخریج : بخاری کتاب الادب باب رحمة الولد وتقبيله 5997 باب رحمة الناس والبهائم 6013 کتاب التوحيد باب قول الله تبارک وتعالى قل ادعوا الله او الرحمٰن 7376 **ترمذی** کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی رحمة الود 1911 باب ماجاء فی رحمة الناس 1922 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فی قبلة الرجل ولده 5218

عَنْ عَمْرٍو عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ جَرِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ الْأَعْمَشِ[6030,6031]

[16]16:بَاب كَثْرَةِ حَيَائِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رسول اللہ ﷺ کے بہت حیادار ہونے کا بیان

4270{67}حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي عُتْبَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَأَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي عُتْبَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِي خِدْرِهَا وَكَانَ إِذَا كَرِهَ شَيْئًا عَرَفْنَاهُ فِي وَجْهِهِ[6032]

4270: حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ پردہ میں رہنے والی کنواری لڑکی سے زیادہ حیادار تھے اور جب آپؐ کچھ ناپسند فرماتے تو ہم اسے آپؐ کے چہرہ سے جان جاتے تھے۔

4271{68}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو حِينَ قَدِمَ مُعَاوِيَةُ إِلَى

4271:مسروق سے روایت ہے کہ جب امیر معاویہؓ کوفہ آئے تو ہم حضرت عبداللہ بن عمروؓ کے پاس گئے۔انہوں نے رسول اللہ ﷺ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ آپؐ نہ تو طبعًا تلخ زبان استعمال کرنے والے

4270: تخریج : بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3562 ابن ماجه کتاب الزهد باب الحیاء 4180

4271:تخریج : بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3559 کتاب الادب باب حسن الخلق والسخاء 6035

ترمذی کتاب البرّ والصلة باب ماجاء فی الفحش والتفحش 1975

الْكُوفَةَ فَذَكَرَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا وَلَا مُتَفَحِّشًا وَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقًا قَالَ عُثْمَانُ حِينَ قَدِمَ مَعَ مُعَاوِيَةَ إِلَى الْكُوفَةِ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَوَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ يَعْنِي الْأَحْمَرَ كُلُّهُمْ عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ[6033,6034]

تھے نہ تکلفاً۔ نیز انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے بہترین وہ ہیں جو تم میں سے اخلاق میں سب سے اچھے ہیں۔ راوی عثمان کہتے ہیں کہ (حضرت عبداللہؓ بن عمرو) نے یہ بات اس وقت کہی تھی جب وہ امیر معاویہؓ کے ساتھ کوفہ آئے۔

[17]17:بَاب:تَبَسُّمُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحُسْنُ عِشْرَتِهِ

باب: آپ ﷺ کا تبسم اور آپؐ کا حسنِ معاشرت

4272{69}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ أَكُنْتَ تُجَالِسُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ كَثِيرًا كَانَ لَا يَقُومُ مِنْ مُصَلَّاهُ الَّذِي يُصَلِّي فِيهِ الصُّبْحَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَإِذَا طَلَعَتْ قَامَ وَكَانُوا يَتَحَدَّثُونَ فَيَأْخُذُونَ فِي أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَضْحَكُونَ وَيَتَبَسَّمُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[6035]

4272: سماک بن حرب کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن سمرہؓ سے کہا کیا آپ رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں حاضر ہوتے تھے؟ انہوں نے کہا ہاں، بہت کثرت سے۔ آپؐ اپنے اس مصلّی سے جس پر آپؐ صبح کی نماز پڑھا کرتے تھے نہ اٹھتے جب تک سورج طلوع نہ ہو جاتا۔ پھر جب (سورج) طلوع ہو جاتا تو آپؐ کھڑے ہوتے۔ (اور مجلس میں) لوگ باتیں کرتے، جاہلیت کی باتوں کا تذکرہ کرنے لگ جاتے اور ہنستے اور حضورؐ تبسم فرماتے۔

4272:اطراف :مسلم کتاب المساجد ومواضع الصلاة باب فضل الجلوس فی مصلاه بعد الصبح 1060 ، 1061
تخریج :ترمذی کتاب الجمعة باب ذکر مایستحب من الجلوس فی المسجد 575 **نسائی** کتاب السهو باب قول الامام فی مصلاه بعد التسلیم 1357، 1358 **ابوداؤد** کتاب الصلاة باب صلاة الضحی 1294

[18]18:بَاب رَحْمَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلنِّسَاءِ وَأَمْرِ السَّوَّاقِ مَطَايَاهُنَّ بِالرِّفْقِ بِهِنَّ

نبی ﷺ کی عورتوں پر شفقت اور سواریوں کے ہانکنے والے کو ان سے نرمی کا ارشاد کا بیان

4273{70}حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَحَامِدُ بْنُ عُمَرَ وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو كَامِلٍ جَمِيعًا عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ أَبُو الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهِ وَغُلَامٌ أَسْوَدُ يُقَالُ لَهُ أَنْجَشَةُ يَحْدُو فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَنْجَشَةُ رُوَيْدَكَ سَوْقًا بِالْقَوَارِيرِ و حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ وَحَامِدُ بْنُ عُمَرَ وَأَبُو كَامِلٍ قَالُوا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ بِنَحْوِهِ[6036,6037]

4273: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک سفر پر تھے۔ایک سیاہ رنگ کا غلام جسے انجشہ کہا جاتا تھا حُدي پڑھ رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا:اے انجشہ! آہستہ،آبگینے لے جارہے ہو۔

4274{71} وحَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ

4274:حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ اپنی ازواج مطہراتؓ کے پاس تشریف لائے جبکہ ایک ہانکنے والا جسے انجشہ کہا جاتا تھا ان (سواری کے

4273:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب رحمة النبی ﷺ للنساء وامر السواق مطایا هن بالرفق 4274 ، 4275، 4276
تخریج:بخاری کتاب الادب باب مایجوز من الشعر والزجر 6149

4274:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب رحمة النبی ﷺ للنساء وامر السواق مطایا هن بالرفق 4273 ، 4275، 4276
تخریج : بخاری کتاب الادب باب مایجوز من الشعر والزجر 6149

عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى أَزْوَاجِهِ وَسَوَّاقٌ يَسُوقُ بِهِنَّ يُقَالُ لَهُ أَنْجَشَةُ فَقَالَ وَيْحَكَ يَا أَنْجَشَةُ رُوَيْدًا سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيرِ قَالَ قَالَ أَبُو قِلَابَةَ تَكَلَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلِمَةٍ لَوْ تَكَلَّمَ بِهَا بَعْضُكُمْ لَعِبْتُمُوهَا عَلَيْهِ[6038]

جانوروں) کو (تیزی سے) ہانک رہا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا: اے انجشہ! تیرا بھلا ہو، آرام سے، تم آبگینے لے جا رہے ہو۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ ابو قلابہ نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے ایسی بات کہی کہ اگر تم میں سے کوئی وہ کہتا تو تم ضرور اس وجہ سے اس کا عیب نکالتے۔

4275{72} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ حَدَّثَنَا التَّيْمِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ مَعَ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُنَّ يَسُوقُ بِهِنَّ سَوَّاقٌ فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْ أَنْجَشَةُ رُوَيْدًا سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيرِ[6039]

4275: حضرت انسؓ بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کی ازواج مطہراتؓ کے ساتھ حضرت امّ سلیمؓ تھیں اور ایک ہانکنے والا ان (کی سواریوں) کو ہانک رہا تھا۔ اس پر اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا اے انجشہ! آہستہ، تم آبگینے لے جا رہے ہو۔

4276{73} و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنِي هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَادٍ حَسَنُ الصَّوْتِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُوَيْدًا يَا أَنْجَشَةُ

4276: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ایک خوبصورت آواز والا حدی خوان تھا۔ (ایک دفعہ) رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: اے انجشہ! آہستہ، آبگینوں کو نہ توڑ دینا یعنی کمزور عورتوں کو۔

4275: اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب رحمة النبی ﷺ للنساء وامر السواق مطایا هن بالرفق 4273 ، 4274، 4276

تخریج : بخاری کتاب الادب باب مایجوز من الشعر والزجر 6149

4276: اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب رحمة النبی ﷺ للنساء وامر السواق مطایا هن بالرفق 4273 ، 4274، 4275

تخریج : بخاری کتاب الادب باب مایجوز من الشعر والزجر 6149

لَا تَكْسِرِ الْقَوَارِيرَ يَعْنِي ضَعَفَةَ النِّسَاءِ و حَدَّثَنَاه ابْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَذْكُرْ حَادٍ حَسَنُ الصَّوْتِ[6040,6041]

ایک اور روایت حماد حسن الصوت کے الفاظ نہیں ہیں۔

[19]19:بَاب:قُرْبُ النَّبِيِّ عَلَيْهِ السَّلَام مِنَ النَّاسِ وَتَبَرُّكُهُمْ بِهِ وَتَوَاضُعُهُ لَهُمْ

باب: نبی علیہ السلام کا لوگوں سے قرب اور ان کا آپؐ سے برکت حاصل کرنا اور آپؐ کا اُن سے انکساری سے پیش آنا

4277{74}حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ النَّضْرِ بْنِ أَبِي النَّضْرِ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ جَمِيعًا عَنْ أَبِي النَّضْرِ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ يَعْنِي هَاشِمَ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الْغَدَاةَ جَاءَ خَدَمُ الْمَدِينَةِ بِآنِيَتِهِمْ فِيهَا الْمَاءُ فَمَا يُؤْتَى بِإِنَاءٍ إِلَّا غَمَسَ يَدَهُ فِيهَا فَرُبَّمَا جَاءُوهُ فِي الْغَدَاةِ الْبَارِدَةِ فَيَغْمِسُ يَدَهُ فِيهَا[6042]

4277: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب صبح کی نماز پڑھتے تو مدینہ کے خادم اپنے برتنوں میں پانی لے کر آجاتے۔ آپؐ کے پاس جو برتن بھی لایا جاتا آپؐ اس میں اپنا ہاتھ ڈبوتے اور بعض اوقات وہ ٹھنڈی صبح کو آپؐ کے پاس آتے تو (پھر بھی) آپؐ اس میں اپنا ہاتھ ڈبو دیتے۔

4278{75}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ لَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

4278: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا جبکہ بال کاٹنے والا آپؐ کے بال کاٹ رہا تھا اور آپؐ کے صحابہؓ آپؐ کے گرد چکر

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْحَلَّاقُ يَحْلِقُهُ وَأَطَافَ بِهِ أَصْحَابُهُ فَمَا يُرِيدُونَ أَنْ تَقَعَ شَعْرَةٌ إِلَّا فِي يَدِ رَجُلٍ [6043]

لگاتے تھے اور چاہتے کہ ایک بال بھی گرے تو کسی آدمی کے ہاتھ میں گرے۔

4279{76} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ امْرَأَةً كَانَ فِي عَقْلِهَا شَيْءٌ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ لِي إِلَيْكَ حَاجَةً فَقَالَ يَا أُمَّ فُلَانٍ انْظُرِي أَيَّ السِّكَكِ شِئْتِ حَتَّى أَقْضِيَ لَكِ حَاجَتَكِ فَخَلَا مَعَهَا فِي بَعْضِ الطُّرُقِ حَتَّى فَرَغَتْ مِنْ حَاجَتِهَا [6044]

4279: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک عورت نے جس کی عقل میں کچھ فرق تھا عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مجھے آپؐ سے کام ہے۔ آپؐ نے فرمایا اے اُمِّ فلاں! دیکھ، جس گلی میں بھی تو چاہتی ہے (لے چل) یہانتک تک کہ میں تیرا کام پورا کردوں۔ پھر آپؐ اس کے ساتھ ایک راستے پر تشریف لے گئے یہانتک کہ اس نے اپنا کام پورا کرلیا۔

[20]20: بَاب: مُبَاعَدَتُهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْآثَامِ وَاخْتِيَارُهُ مِنَ الْمُبَاحِ أَسْهَلَهُ وَانْتِقَامُهُ لِلَّهِ عِنْدَ انْتِهَاكِ حُرُمَاتِهِ

باب: حضور ﷺ کا گناہوں سے دور ہونا اور جائز چیزوں میں سے آسان ترین کا اختیار کرنا اور اللہ کی خاطر اس کی حرمات کی بے حرمتی کے وقت آپؐ کا انتقام لینا

4280{77} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ فِيمَا قُرِئَ عَلَيْهِ ح و حَدَّثَنَا

4280: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ جب بھی رسول اللہ ﷺ کو دو باتوں

4279: تخریج: ابوداؤد کتاب الادب باب فی الجلوس فی الطرقات 4818 ابن ماجه کتاب الزهد باب البرآءة من الکبر والتواضع 4177

4280: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب مباعدته للآثام 4281 ، 4282

تخریج: بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3560 کتاب الادب باب قول النبی ﷺ یسّروا ولا تعسّروا 6126 کتاب الحدود باب اقامة الحدود والانتقام لحرمات الله 6786 باب کم التعذیر والادب 6853 ابوداؤد کتاب الادب باب فی التجاوز فی الامر 4785

يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَمْرَيْنِ إِلَّا أَخَذَ أَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا فَإِنْ كَانَ إِثْمًا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ وَمَا انْتَقَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهِ إِلَّا أَنْ تُنْتَهَكَ حُرْمَةُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنْ جَرِيرٍ ح و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ كِلَاهُمَا عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُحَمَّدٍ فِي رِوَايَةِ فُضَيْلٍ ابْنُ شِهَابٍ وَفِي رِوَايَةِ جَرِيرٍ مُحَمَّدٌ الزُّهْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ و حَدَّثَنِيهِ حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِ مَالِكٍ[6045,6046,6047]

میں سے ایک کا اختیار دیا گیا تو آپؐ نے ان دونوں میں سے آسان کو اختیار فرمایا جب تک وہ گناہ نہ ہوتا اور اگر وہ گناہ ہوتا تو آپؐ سب لوگوں سے زیادہ اس سے دور تھے اور رسول اللہ ﷺ نے اپنی ذات کے لئے کبھی انتقام نہیں لیا۔ ہاں مگر جب اللہ عزوجل کی حرمت کی ہتک کی جاتی۔

4281{78}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا خُيِّرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

4281: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو جب بھی دو میں سے ایک کام کرنے کا اختیار دیا جاتا جن میں سے ایک دوسرے

4281:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب مباعدته للآثام 4280 ، 4282

تخریج : بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3560 کتاب الادب باب قول النبی ﷺ یسّروا ولا تعسّروا 6126 کتاب الحدود باب اقامة الحدود والانتقام لحرمات الله 6786 باب کم التعذیر والادب 6853 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فی التجاوز فی الامر 4785

بَيْنَ أَمْرَيْنِ أَحَدُهُمَا أَيْسَرُ مِنَ الْآخَرِ إِلَّا اخْتَارَ أَيْسَرَهُمَا مَا لَمْ يَكُنْ إِثْمًا فَإِنْ كَانَ إِثْمًا كَانَ أَبْعَدَ النَّاسِ مِنْهُ و حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ إِلَى قَوْلِهِ أَيْسَرَهُمَا وَلَمْ يَذْكُرَا مَا بَعْدَهُ[6048,6049]

کی نسبت آسان ہوتا تو آپؐ ان میں سے بشرطیکہ اس میں کوئی گناہ کی بات نہ ہو آسان کو ہی منتخب فرماتے اور اگر اس میں کوئی گناہ کی بات ہوتی تو آپؐ سب لوگوں سے زیادہ اس سے دور ہوتے۔

ایک اور روایت میں أَيْسَرَهُمَا کے الفاظ تک ہے اور اس کے بعد کے الفاظ مذکور نہیں۔

4282{79}حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا ضَرَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ بِيَدِهِ وَلَا امْرَأَةً وَلَا خَادِمًا إِلَّا أَنْ يُجَاهِدَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَمَا نِيلَ مِنْهُ شَيْءٌ قَطُّ فَيَنْتَقِمَ مِنْ صَاحِبِهِ إِلَّا أَنْ يُنْتَهَكَ شَيْءٌ مِنْ مَحَارِمِ اللَّهِ فَيَنْتَقِمَ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدَةُ وَوَكِيعٌ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ كُلُّهُمْ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ يَزِيدُ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ[6050,6051]

4282: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی کسی کو اپنے ہاتھ سے نہیں مارا۔ نہ کسی عورت کو، نہ کسی خادم کو سوائے اس کے کہ آپؐ اللہ کی راہ میں جہاد کر رہے ہوں۔ نہ ہی کوئی تکلیف پہنچنے پر آپؐ نے کبھی اس کے پہنچانے والے سے کوئی انتقام لیا۔ ہاں مگر اللہ کی محرمات کی بے حرمتی کی جاتی تو آپؐ اللہ عزوجل کی خاطر انتقام لیتے۔

4282: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب مباعدته للآثام 4280 ، 4281

تخریج: بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3560 کتاب الادب باب قول النبی ﷺ یسّروا ولا تعسّروا 6126 کتاب الحدود باب اقامة الحدود والانتقام لحرمات الله 6786 باب کم التعذیر والادب 6853 **ابوداؤد** کتاب الادب باب فی التجاوز فی الامر 4785

[21]21:بَاب: طِيبُ رَائِحَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِينُ مَسِّهِ وَالتَّبَرُّكُ بِمَسْحِهِ

باب: نبی ﷺ (کے بدن مبارک) کی خوشبو کی لطافت، آپؐ کے لمس کی ملائمت اور آپؐ کے چھونے سے برکت لینا

4283{80} حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ الْقَنَّادُ حَدَّثَنَا أَسْبَاطٌ وَهُوَ ابْنُ نَصْرٍ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْأُولَى ثُمَّ خَرَجَ إِلَى أَهْلِهِ وَخَرَجْتُ مَعَهُ فَاسْتَقْبَلَهُ وِلْدَانٌ فَجَعَلَ يَمْسَحُ خَدَّيْ أَحَدِهِمْ وَاحِدًا وَاحِدًا قَالَ وَأَمَّا أَنَا فَمَسَحَ خَدِّي قَالَ فَوَجَدْتُ لِيَدِهِ بَرْدًا أَوْ رِيحًا كَأَنَّمَا أَخْرَجَهَا مِنْ جُؤْنَةِ عَطَّارٍ[6052]

4283: حضرت جابر بن سمرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ پہلی (یعنی ظہر کی) نماز پڑھی۔ پھر آپؐ اپنے گھر والوں کے پاس جانے کے لئے نکلے۔ میں بھی آپؐ کے ساتھ نکلا۔ کچھ بچے آپؐ کے سامنے سے آ گئے۔ آپؐ ایک ایک کر کے ان میں سے ہر ایک کے گالوں کو تھپتھپانے لگے۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں جہاں تک میرا تعلق ہے آپؐ نے میرے گال پر بھی ہاتھ پھیرا تو وہ کہتے ہیں مجھے آپؐ کے ہاتھ کی ٹھنڈک (یا کہا) خوشبو محسوس ہوئی۔ گویا آپؐ نے اسے عطّار کے ڈبہ سے نکالا ہے۔

4284{81} وحَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا هَاشِمٌ يَعْنِي ابْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ وَهُوَ ابْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ أَنَسٌ مَا شَمَمْتُ عَنْبَرًا قَطُّ وَلَا مِسْكًا وَلَا شَيْئًا أَطْيَبَ مِنْ رِيحِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا

4284: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کوئی عنبر اور مُشک اور نہ ہی کوئی اور چیز رسول اللہ ﷺ کی مہک سے زیادہ عمدہ پائی اور نہ ہی رسول اللہ ﷺ کے مَس سے زیادہ نرم کوئی چیز کبھی چھوئی نہ دیباج نہ ریشم۔

☆ یہاں صلاۃ الاولیٰ سے مراد نمازِ ظہر ہے۔ (شرح نووی)

4284:اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب طيب رائحة النبى ﷺ 4285

مَسِسْتُ شَيْئًا قَطُّ دِيبَاجًا وَلَا حَرِيرًا أَلْيَنَ مَسًّا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[6053]

4285{82} وَحَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ صَخْرٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَزْهَرَ اللَّوْنِ كَأَنَّ عَرَقَهُ اللُّؤْلُؤُ إِذَا مَشَى تَكَفَّأَ وَلَا مَسِسْتُ دِيبَاجَةً وَلَا حَرِيرَةً أَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا شَمِمْتُ مِسْكَةً وَلَا عَنْبَرَةً أَطْيَبَ مِنْ رَائِحَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[6054]

4285: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا رنگ کھلتا ہوا تھا گویا کہ آپ ﷺ کا پسینہ موتی (کی طرح) تھا۔ جب آپ ﷺ چلتے تو قدرے جھک کر چلتے، نہ ہی آپ ﷺ کے ہاتھ سے زیادہ نرم دیباج اور ریشم میں نے چھوا۔ نہ ہی رسول اللہ ﷺ کی مہک سے زیادہ عمدہ کوئی مُشک یا عنبر میں نے سونگھی۔

[22]22: بَاب: طِيبُ عَرَقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالتَّبَرُّكُ بِهِ

باب: نبی ﷺ کے پسینہ کی خوشبو اور اس سے برکت حاصل کرنا

4286{83} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا هَاشِمٌ يَعْنِي ابْنَ الْقَاسِمِ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ دَخَلَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عِنْدَنَا فَعَرِقَ وَجَاءَتْ أُمِّي بِقَارُورَةٍ فَجَعَلَتْ تَسْلُتُ الْعَرَقَ فِيهَا فَاسْتَيْقَظَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ مَا هَذَا

4286: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے اور ہمارے ہاں ہی آپ ﷺ نے قیلولہ فرمایا۔ آپ ﷺ کو پسینہ آنے لگا۔ میری ماں ایک شیشی لائی اور اس میں حضور ﷺ کا پسینہ جمع کرنے لگی۔ حضور ﷺ بیدار ہو گئے اور فرمایا اے ام سلیم رضی اللہ عنہا! تم یہ کیا کر رہی ہو؟ انہوں نے عرض کیا: یہ آپ ﷺ کا پسینہ ہے جسے ہم اپنی خوشبو میں ڈالیں گے۔

4285: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب طيب رائحة النبی ﷺ 4284

4286: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب طيب عرق النبی ﷺ والتبرک به 4287

الَّذِي تَصْنَعِينَ قَالَتْ هَذَا عَرَقُكَ نَجْعَلُهُ فِي طِيبِنَا وَهُوَ مِنْ أَطْيَبِ الطِّيبِ[6055]

وہ سب سے عمدہ خوشبو ہے۔

4287{84} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ وَهُوَ ابْنُ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ بَيْتَ أُمِّ سُلَيْمٍ فَيَنَامُ عَلَى فِرَاشِهَا وَلَيْسَتْ فِيهِ قَالَ فَجَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ فَنَامَ عَلَى فِرَاشِهَا فَأُتِيَتْ فَقِيلَ لَهَا هَذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَامَ فِي بَيْتِكِ عَلَى فِرَاشِكِ قَالَ فَجَاءَتْ وَقَدْ عَرِقَ وَاسْتَنْقَعَ عَرَقُهُ عَلَى قِطْعَةِ أَدِيمٍ عَلَى الْفِرَاشِ فَفَتَحَتْ عَتِيدَتَهَا فَجَعَلَتْ تُنَشِّفُ ذَلِكَ الْعَرَقَ فَتَعْصِرُهُ فِي قَوَارِيرِهَا فَفَزِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا تَصْنَعِينَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ نَرْجُو بَرَكَتَهُ لِصِبْيَانِنَا قَالَ أَصَبْتِ[6056]

4287: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ حضرت اُم سلیمؓ کے گھر آتے اور ان کے بچھونے پر استراحت فرماتے جبکہ وہ وہاں نہ ہوتیں۔ وہ کہتے ہیں ایک دن آپؐ تشریف لائے اور حضرت اُم سلیمؓ کے بچھونے پر سو گئے۔ چنانچہ انہیں بلایا گیا اور ان سے کہا گیا کہ یہ نبی ﷺ (آئے ہوئے) ہیں اور آپ کے گھر میں آپ کے بچھونے پر سو رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں تو اُم سلیمؓ آئیں۔ اس وقت حضورؐ کو پسینہ آیا ہوا تھا اور بستر پر چمڑے کے ٹکڑے پر حضورؐ کا پسینہ جمع ہو گیا۔ انہوں نے اپنی صندوقچی کھولی اور اس پسینہ کو جذب کر کے اپنی شیشیوں میں نچوڑنے لگیں۔ نبی ﷺ چونکے اور فرمایا اے ام سلیمؓ! تم کیا کر رہی ہو؟ انہوں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہم اس (پسینہ) سے اپنے بچّوں کے لئے برکت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا تم نے ٹھیک کیا۔

4288{85}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنْ أُمِّ سُلَيْمٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْتِيهَا

4288: حضرت انسؓ حضرت ام سلیمؓ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ان کے ہاں تشریف لایا کرتے تھے اور ان کے ہاں قیلولہ فرماتے۔ وہ حضورؐ کے لئے ایک چمڑے کی شِیٹ بچھاتیں جس پر آپؐ

4287:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب طیب عرق النبی ﷺ والتبرک به 4287

4288:تخریج :بخاری کتاب الاستئذان باب من زار قوماً فقال عندهم 6281 نسائی کتاب الزینة ماجاء فی الانطاع 5371

فَيَقِيلُ عِنْدَهَا فَتَبْسُطُ لَهُ نِطْعًا فَيَقِيلُ عَلَيْهِ وَكَانَ كَثِيرَ الْعَرَقِ فَكَانَتْ تَجْمَعُ عَرَقَهُ فَتَجْعَلُهُ فِي الطِّيبِ وَالْقَوَارِيرِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ مَا هَذَا قَالَتْ عَرَقُكَ أَدُوفُ بِهِ طِيبِي[6057]

قیلولہ فرماتے۔ آپؐ کو پسینہ بہت آتا تھا اور وہ آپؐ کے پسینہ کو جمع کرتیں اور پھر اسے خوشبو میں اور شیشیوں میں ڈالتیں۔ نبی ﷺ نے فرمایا اے ام سلیمؓ! یہ کیا؟ انہوں نے عرض کیا آپؐ کا پسینہ ہے جسے میں اپنی خوشبو میں ملاتی ہوں۔

[23]23:بَاب عَرَقِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبَرْدِ وَحِينَ يَأْتِيهِ الْوَحْيُ

نبی ﷺ کو ٹھنڈ میں پسینہ آنے کا بیان اور جب آپؐ کو وحی آتی

4289{86}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنْ كَانَ لَيُنْزَلُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْغَدَاةِ الْبَارِدَةِ ثُمَّ تَفِيضُ جَبْهَتُهُ عَرَقًا[6058]

4289: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ پر ٹھنڈی صبح کو بھی وحی اُترتی تو آپؐ کی پیشانی سے پسینہ بہنے لگتا۔

4290{87} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَابْنُ بِشْرٍ جَمِيعًا عَنْ هِشَامٍ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ

4290:حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ حارث بن ہشامؓ نے نبی ﷺ سے پوچھا کہ آپؐ پر وحی کیسے آتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا کبھی تو وہ گھنٹی کی جھنکار کی مانند میرے پاس آتی ہے اور وہ مجھ پر سب سے

4289:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب عرق النبی ﷺ فی البرد وحین یاتیه الوحی 4290
تخریج : ترمذی کتاب المناقب باب ماجاء کیف کان ینزل الوحی علی النبی ﷺ 3634 **نسائی** کتاب الافتتاح جامع ماجاء فی القرآن 933، 934

4290:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب عرق النبی ﷺ فی البرد وحین یاتیه الوحی 4289
تخریج : ترمذی کتاب المناقب باب ماجاء کیف کان ینزل الوحی علی النبی ﷺ 3634 **نسائی** کتاب الافتتاح جامع ماجاء فی القرآن 933، 934

نُمَيْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يَأْتِيكَ الْوَحْيُ فَقَالَ أَحْيَانًا يَأْتِينِي فِي مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ ثُمَّ يَفْصِمُ عَنِّي وَقَدْ وَعَيْتُهُ وَأَحْيَانًا مَلَكٌ فِي مِثْلِ صُورَةِ الرَّجُلِ فَأَعِي مَا يَقُولُ[6059]

زیادہ سخت ہوتی ہے۔ پھر وہ مجھ سے منقطع ہوتی ہے کہ مجھے یاد ہو چکی ہوتی ہے اور کبھی کوئی فرشتہ آدمی کی صورت پر (میرے پاس آتا ہے) اور جو وہ کہتا ہے میں اسے یاد کر لیتا ہوں۔

4291{88} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ كُرِبَ لِذَلِكَ وَتَرَبَّدَ وَجْهُهُ[6060]

4291: حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں کہ جب اللہ کے نبی ﷺ پر وحی اترتی تو آپؐ کو (احساسِ ذمہ داری کا) شدید احساس ہوتا اور آپؐ کے چہرہ کا رنگ متغیر ہو جاتا۔

4292{89} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ نَكَسَ رَأْسَهُ وَنَكَسَ أَصْحَابُهُ رُءُوسَهُمْ فَلَمَّا أُثْلِيَ عَنْهُ رَفَعَ رَأْسَهُ[6061]

4292: حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ پر جب وحی نازل ہوتی تو آپؐ اپنا سر نیچے کر لیتے اور آپؐ کے صحابہؓ بھی اپنے سر نیچے کرتے۔ پھر جب وحی ہو جاتی تو آپؐ اپنا سر اُٹھا لیتے۔

4291 : اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب عرق النبی ﷺ فی البرد وحین یاتیه الوحی 4292

4292 : اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب عرق النبی ﷺ فی البرد وحین یاتیه الوحی 4291

[24]24:بَاب: فِي سَدْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَعْرَهُ وَفَرْقِهِ

باب: نبی ﷺ کا (پیشانی پر) بال گرانے اور مانگ نکالنے کا بیان

4293{90}حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ مَنْصُورٌ حَدَّثَنَا و قَالَ ابْنُ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِيَانِ ابْنَ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَسْدِلُونَ أَشْعَارَهُمْ وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يَفْرُقُونَ رُءُوسَهُمْ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ مُوَافَقَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ فِيمَا لَمْ يُؤْمَرْ بِهِ فَسَدَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاصِيَتَهُ ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ[6062,6063]

4293: حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ اہلِ کتاب اپنے بالوں کو (پیشانی پر) گراتے تھے جبکہ مشرک مانگ نکالتے تھے۔ رسول اللہ ﷺ جس بارہ میں آپؐ کو کوئی حکم نہ دیا جاتا اُس میں آپؐ اہلِ کتاب کی موافقت پسند فرماتے۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ (پہلے) اپنی پیشانی پر بال گراتے تھے۔ پھر بعد میں آپؐ مانگ نکالنے لگے۔

[25]25:بَاب: فِي صِفَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَّهُ كَانَ أَحْسَنَ النَّاسِ وَجْهًا

باب: نبی ﷺ کے بارہ میں بیان اور یہ کہ آپ ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ خوبرو تھے

4294{91}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

4294: حضرت براءؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میانہ قد تھے۔ آپؐ کے دونوں

4293:تخریج : بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3558 باب اتیان الیهود النبی ﷺ حین قدم المدینة 3944 کتاب اللباس باب الفرق 5917 **نسائی** کتاب الزینة فرق الشعر 5238 **ابو داؤد** کتاب الترجل باب ماجاء فی الفرق 4188 **ابن ماجه** کتاب اللباس باب اتخاذ الجمّة والذوائب 3632

4294:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب فی صفة صفة النبی ﷺ وانه کان احسن الناس وجها 4295، 4296 =

جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مَرْبُوعًا بَعِيدَ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ عَظِيمَ الْجُمَّةِ إِلَى شَحْمَةِ أُذُنَيْهِ عَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ مَا رَأَيْتُ شَيْئًا قَطُّ أَحْسَنَ مِنْهُ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ[6064]

شانوں کے درمیان فاصلہ تھا(یعنی سینہ کشادہ تھا) گھنے بالوں والے تھے جو کانوں کی لَو تک تھے۔آپؐ سرخ رنگ کا جوڑا پہنے ہوئے تھے۔میں نے آپؐ سے زیادہ خوبصورت کچھ نہیں دیکھا ﷺ۔

4295{92}حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ مَا رَأَيْتُ مِنْ ذِي لِمَّةٍ أَحْسَنَ فِي حُلَّةٍ حَمْرَاءَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَعْرُهُ يَضْرِبُ مَنْكِبَيْهِ بَعِيدَ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ لَيْسَ بِالطَّوِيلِ وَلَا بِالْقَصِيرِ قَالَ أَبُو كُرَيْبٍ لَهُ شَعَرٌ[6065]

4295:حضرت براءؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے کوئی زلفوں والا سرخ جوڑے میں رسول اللہ ﷺ سے زیادہ خوبصورت نہیں دیکھا۔آپؐ کے بال آپؐ کے کندھوں پر آتے تھے اور آپؐ کے دونوں شانوں کے درمیان فاصلہ تھا۔آپؐ نہ تو بہت زیادہ لمبے تھے نہ چھوٹے (قد کے) تھے۔ابو کریب نے کہا کہ آپؐ کے (بہت اور خوبصورت) بال تھے۔

4296{93}حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ

4296:حضرت براءؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ سب لوگوں سے زیادہ خوبرو تھے اور جسمانی بناوٹ

= **تخریج : بخاری** کتاب المناقب باب صفة صفة النبی ﷺ 3549 ، 3551 کتاب اللباس باب الثوب الاحمر 5848 باب الجعد 5901 **ترمذی** کتاب اللباس باب ماجاء فی الرخصة فی الثوب الاحمر للرجال 1724 کتاب المناقب باب ماجاء فی صفة النبی ﷺ 3635 ، 3636 **نسائی** کتاب الزینة اتخاذ الشعر 5060 ، 5062 اتخاذ الجمّة 5232 ، 5233 ، 5234 ، 5235 لبس الحلل 5314 **ابو داؤد** کتاب اللباس باب فی الرخصة فی ذلک 4072 کتاب الترجل باب ماجاء فی الشعر 4183 **ابن ماجه** کتاب اللباس باب لبس الحمر للرجال3599

4295:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب فی صفة صفة النبی ﷺ وانه کان احسن الناس وجها 4294، 4296

تخریج :بخاری کتاب المناقب باب صفة صفة النبی ﷺ 3549 ، 3551 کتاب اللباس باب الثوب الاحمر 5848 باب الجعد 5901 **ترمذی** کتاب اللباس باب ماجاء فی الرخصة فی الثوب الاحمر للرجال 1724 کتاب المناقب باب ماجاء فی صفة النبی ﷺ 3635 ، 3636 **نسائی** کتاب الزینة اتخاذ الشعر 5060، 5062 اتخاذ الجمّة 5232 ، 5233 ، 5234 ، 5235 لبس الحلل 5314 **ابو داؤد** کتاب اللباس باب فی الرخصة فی ذلک 4072 کتاب الترجل باب ماجاء فی الشعر 4183 **ابن ماجه** کتاب اللباس باب لبس الحمر للرجال3599

4296:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب فی صفة صفة النبی ﷺ وانه کان احسن الناس وجها 4294، 4295 =

إِبْرَاهِيمَ بْنِ يُوسُفَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْسَنَ النَّاسِ وَجْهًا وَأَحْسَنَهُ خَلْقًا لَيْسَ بِالطَّوِيلِ الذَّاهِبِ وَلَا بِالْقَصِيرِ [6066]

میں بھی اُن سب سے زیادہ حسین تھے۔آپؐ نہ تو بہت زیادہ لمبے تھے اور نہ بہت پستہ قد۔

[26]26:بَاب:صِفَةُ شَعَرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب: نبی ﷺ کے بالوں کا بیان

4297{94}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسِ بْنِ مَالِكٍ كَيْفَ كَانَ شَعَرُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ شَعَرًا رَجِلًا لَيْسَ بِالْجَعْدِ وَلَا السَّبْطِ بَيْنَ أُذُنَيْهِ وَعَاتِقِهِ [6067]

4297: قتادہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انسؓ بن مالک سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کے بال کیسے تھے؟ انہوں نے کہا کہ آپؐ کے بالوں میں ہلکا سا خم تھا نہ تو بالکل گھنگھریالے تھے اور نہ بالکل سیدھے آپؐ کے دونوں کانوں کے اور شانوں کے درمیان۔

=**تخریج** :**بخاری** کتاب المناقب باب صفة صفة النبی ﷺ 3549 ، 3551کتاب اللباس باب الثوب الاحمر 5848 باب الجعد 5901 **ترمذی** کتاب اللباس باب ماجاء فی الرخصة فی الثوب الاحمر للرجال 1724کتاب المناقب باب ماجاء فی صفة النبی ﷺ 3635 ، 3636**نسائی** کتاب الزینة اتخاذ الشعر 5060، 5062اتخاذ الجمّة 5232 ، 5233 ، 5234 ، 5235لبس الحلل 5314 **ابو داؤد** کتاب اللباس باب فی الرخصة فی ذلک 4072 کتاب الترجل باب ماجاء فی الشعر 4183 **ابن ماجه** کتاب اللباس باب لبس الحمر للرجال 3599

4297:اطراف :**مسلم** کتاب الفضائل باب صفة شعر النبی ﷺ 4298 ، 4299

تخریج : **بخاری** کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3547، 3548کتاب اللباس باب الجعد 5903 ، 5904 ، 5905 ، 5906 **ترمذی** کتاب اللباس باب ماجاء فی الجمّة و اتخاذ الشعر 1754کتاب المناقب باب فی مبعث النبی ﷺ 3623 **نسائی** کتاب الزینة الاخذ من الشارب 5053 اتخاذالجمّة 5232 ، 5233 ، 5234 ، 5235 **ابو داؤد** کتاب الترجل باب ماجاء فی الشعر 4185 ، 4186 **ابن ماجه** کتاب اللباس باب اتخاذ الجمّة والذوائب 3634

4298{95}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ قَالَا حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَضْرِبُ شَعَرُهُ مَنْكِبَيْهِ [6068]

4298: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بال شانوں کو چھوتے تھے۔

4299{96}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ شَعَرُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَنْصَافِ أُذُنَيْهِ[6069]

4299: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے بال کانوں کے نصف تک تھے۔

[27]27:بَاب:فِي صِفَةِ فَمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَيْنَيْهِ وَعَقِبَيْهِ

باب: نبی ﷺ کے منہ مبارک، آپؐ کی آنکھوں اور ایڑیوں کا بیان

4300{97}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ

4300: سماک بن حرب سے روایت ہے کہ میں نے حضرت جابر بن سمرہؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ ضَلِيعَ الْفَمِ تھے۔ أَشْكَلَ الْعَيْنِ

4298:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب صفة شعر النبی ﷺ 4297، 4299

ضرور تھوڑا ہنستے اور بہت روتے رہتے۔ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ پر اس سے زیادہ سخت دن نہیں آیا۔ حضرت انسؓ نے کہا کہ انہوں نے اپنے سروں کو ڈھانک لیا اور ان سے رونے کی آواز آتی تھی۔ وہ کہتے ہیں پھر حضرت عمرؓ کھڑے ہوئے اور عرض کیا ہم راضی ہیں اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمدؐ کے نبی ہونے پر۔ وہ کہتے ہیں ایک آدمی کھڑا ہوا تھا اور اس نے کہا کہ میرا باپ کون ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا تمہارا باپ فلاں ہے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ یعنی اے مومنو! ان چیزوں کے بارہ میں سوال مت کرو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کر دی جائیں تو وہ تمہیں تکلیف میں ڈال دیں۔☆

4338{135} وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرِ بْنِ رِبْعِيٍّ الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ أَنَسٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَنْ أَبِي قَالَ أَبُوكَ فُلَانٌ وَنَزَلَتْ يَا أَيُّهَا

4338: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں ایک آدمی نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میرا باپ کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا تمہارا باپ فلاں ہے اور یہ آیت نازل ہوئی يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ یعنی اے مومنو! ان

☆(المائدہ :102)

4338: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب توقیرہ وترک اکثار سؤالہ ﷺ 4337 ، 4339، 4340

تخریج: بخاری کتاب العلم باب من برک علی رکبتیہ عند الامام او الحدیث 93 کتاب مواقیت الصلاۃ باب وقت الظھر عند الزوال 540 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ باب مایکرہ من کثرۃ السؤال 7294 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ المائدۃ 3056

الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَسْأَلُوا عَنْ أَشْيَاءَ إِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ تَمَامَ الْآيَةِ [6120]

4339{136} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حَرْمَلَةَ بْنِ عِمْرَانَ التُّجِيبِيُّ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ حِينَ زَاغَتْ الشَّمْسُ فَصَلَّى لَهُمْ صَلَاةَ الظُّهْرِ فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَذَكَرَ السَّاعَةَ وَذَكَرَ أَنَّ قَبْلَهَا أُمُورًا عِظَامًا ثُمَّ قَالَ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَسْأَلَنِي عَنْ شَيْءٍ فَلْيَسْأَلْنِي عَنْهُ فَوَاللَّهِ لَا تَسْأَلُونَنِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا أَخْبَرْتُكُمْ بِهِ مَا دُمْتُ فِي مَقَامِي هَذَا قَالَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَأَكْثَرَ النَّاسُ الْبُكَاءَ حِينَ سَمِعُوا ذَلِكَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَكْثَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقُولَ سَلُونِي فَقَامَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حُذَافَةَ فَقَالَ مَنْ أَبِي يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ أَبُوكَ حُذَافَةُ فَلَمَّا أَكْثَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَنْ يَقُولَ سَلُونِي بَرَكَ عُمَرُ

چیزوں کے بارہ میں سوال مت کرو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کردی جائیں تو وہ تمہیں تکلیف میں ڈال دیں۔ ☆

4339: ابن شہاب سے روایت ہے کہ مجھے حضرت انسؓ بن مالک نے بتایا کہ جب سورج خوب چمک گیا تھا تو رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے اور انہیں ظہر کی نماز پڑھائی۔ جب آپؐ نے سلام پھیرا تو منبر پر کھڑے ہوئے اور اس گھڑی کا ذکر فرمایا اور فرمایا کہ اس سے قبل بہت بڑے امور ظہور پذیر ہوں گے۔ پھر فرمایا جو پسند کرتا ہے کہ کسی چیز کے بارہ میں مجھ سے سوال کرے وہ اس بارہ میں مجھ سے پوچھ لے۔ اللہ کی قسم! جب تک میں اپنی اس جگہ پر ہوں تم مجھ سے جس چیز کے بارہ میں بھی سوال کرو گے میں تمہیں اس کے بارہ میں بتادوں گا۔ حضرت انسؓ بن مالکؓ کہتے ہیں کہ جب لوگوں نے اس بارہ میں رسول اللہ ﷺ سے سنا تو لوگ بہت روئے اور جب رسول اللہ ﷺ نے بار بار فرمایا کہ مجھ سے سوال کرو تو اس پر حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کھڑے ہوئے اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! میرا باپ کون ہے؟ حضورؐ نے فرمایا تمہارا باپ حذافہ ہے۔ پھر جب رسول اللہ ﷺ نے بار بار فرمایا کہ مجھ سے سوال کرو

☆ (المائدہ :102)

4339:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب توقیرہ وترک اکثار سؤالہ ﷺ 4337 ، 4338، 4340

تخریج : بخاری کتاب العلم باب من برک علی رکبتیہ عند الامام او الحدیث 93 کتاب مواقیت الصلاۃ باب وقت الظھر عند الزوال 540 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ باب مایکرہ من کثرۃ السؤال 7294 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ المائدۃ 3056

فَقَالَ رَضِينَا بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا قَالَ فَسَكَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَالَ عُمَرُ ذَلِكَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْلَى وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَيَّ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ آنِفًا فِي عُرْضِ هَذَا الْحَائِطِ فَلَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ قَالَتْ أُمُّ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُذَافَةَ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُذَافَةَ مَا سَمِعْتُ بِابْنٍ قَطُّ أَعَقَّ مِنْكَ أَأَمِنْتَ أَنْ تَكُونَ أُمُّكَ قَدْ قَارَفَتْ بَعْضَ مَا تُقَارِفُ نِسَاءُ أَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ فَتَفْضَحَهَا عَلَى أَعْيُنِ النَّاسِ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حُذَافَةَ وَاللَّهِ لَوْ أَلْحَقَنِي بِعَبْدٍ أَسْوَدَ لَلَحِقْتُهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَحَدِيثِ عُبَيْدِ اللَّهِ مَعَهُ غَيْرَ أَنَّ شُعَيْبًا قَالَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ أَنَّ أُمَّ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُذَافَةَ قَالَتْ بِمِثْلِ حَدِيثِ يُونُسَ [6121,6122]

تو (حضرت) عمرؓ اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھے اور عرض کیا ہم راضی ہیں اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر۔ راوی کہتے ہیں جب حضرت عمرؓ نے یہ کہا تو رسول اللہ ﷺ خاموش ہو گئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہلاکت قریب ہے۔ اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے ابھی اس دیوار کے پہلو میں جنت اور آگ میرے سامنے پیش کی گئیں۔ پس میں نے آج کے دن کی طرح نہ تو خیر دیکھی اور نہ شر۔ ابن شہاب کہتے ہیں مجھے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ نے بتایا کہ حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کی ماں نے حضرت عبداللہ بن حذافہؓ سے کہا میں نے تجھ سے زیادہ کوئی نافرمان بیٹا نہیں سنا۔ کیا تو اس بات سے امن میں ہے کہ تیری ماں نے بھی زمانہ جاہلیت کی بعض عورتوں کی طرح گناہ کیا ہو اور تو لوگوں کے سامنے اسے رسوا کرتا رہے۔ حضرت عبداللہؓ بن حذافہ نے کہا اللہ کی قسم! اگر آپؐ مجھے ایک حبشی غلام سے ملا دیتے تو میں ضرور اس کے ساتھ مل جاتا۔

4340{137}حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّاسَ سَأَلُوا نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَحْفَوْهُ بِالْمَسْأَلَةِ فَخَرَجَ ذَاتَ يَوْمٍ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَقَالَ سَلُونِي لَا تَسْأَلُونِي عَنْ شَيْءٍ إِلَّا بَيَّنْتُهُ لَكُمْ فَلَمَّا سَمِعَ ذَلِكَ الْقَوْمُ أَرَمُّوا وَرَهِبُوا أَنْ يَكُونَ بَيْنَ يَدَيْ أَمْرٍ قَدْ حَضَرَ قَالَ أَنَسٌ فَجَعَلْتُ أَلْتَفِتُ يَمِينًا وَشِمَالًا فَإِذَا كُلُّ رَجُلٍ لَافٌّ رَأْسَهُ فِي ثَوْبِهِ يَبْكِي فَأَنْشَأَ رَجُلٌ مِنَ الْمَسْجِدِ كَانَ يُلَاحَى فَيُدْعَى لِغَيْرِ أَبِيهِ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ مَنْ أَبِي قَالَ أَبُوكَ حُذَافَةُ ثُمَّ أَنْشَأَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَالَ رَضِينَا بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا عَائِذًا بِاللَّهِ مِنْ سُوءِ الْفِتَنِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ أَرَ كَالْيَوْمِ قَطُّ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ إِنِّي صُوِّرَتْ لِي الْجَنَّةُ وَالنَّارُ فَرَأَيْتُهُمَا دُونَ هَذَا الْحَائِطِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ ح

4340: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ لوگوں نے نبی ﷺ سے سوال کئے یہاں تک کہ انہوں نے حضورؐ سے کرید کرید کر سوال کئے۔ ایک روز آپؐ باہر تشریف لائے اور منبر پر چڑھے اور فرمایا مجھ سے پوچھو۔ تم مجھ سے جس چیز کے بارہ میں بھی سوال کرو گے میں اسے تمہارے لئے کھول کر بیان کروں گا۔ جب لوگوں نے یہ سنا تو وہ خاموش ہو گئے اور ڈر گئے کہ ضرور کوئی بات ہونے والی ہے۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں میں اپنے دائیں اور بائیں دیکھنے لگا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ہر آدمی اپنے کپڑے میں سر لپیٹے ہوئے رو رہا ہے۔ پھر ایک آدمی مسجد میں کھڑا ہوا جس سے جھگڑا کیا جاتا تھا اور اسے اس کے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب کیا جاتا تھا اور اس نے عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! میرا باپ کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا تیرا باپ حذافہ ہے۔ پھر حضرت عمرؓ کھڑے ہوئے اور عرض کیا ہم راضی ہیں اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمدؐ کے رسول ہونے پر۔ اور اللہ کی پناہ مانگتے ہوئے فتنوں کے شر سے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے آج کے دن کی طرح خیر اور شر کبھی نہیں دیکھا۔ میرے سامنے جنت

4340: اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب توقیرہ وترک اکثار سؤالہ ﷺ 4337 ، 4338، 4339

تخریج : بخاری کتاب العلم باب من برک علی رکبتیہ عند الامام او الحدیث 93 کتاب مواقیت الصلاۃ باب وقت الظھر عند الزوال 540 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ باب مایکرہ من کثرۃ السؤال 7294 ترمذی کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ المائدۃ 3056

و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ كِلَاهُمَا عَنْ هِشَامٍ ح و حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ بِهَذِهِ الْقِصَّةِ[6123,6124]

اور آگ کا منظر دکھایا گیا۔ میں نے ان دونوں کو اس دیوار سے ورے دیکھا۔

4341{138}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَشْيَاءَ كَرِهَهَا فَلَمَّا أُكْثِرَ عَلَيْهِ غَضِبَ ثُمَّ قَالَ لِلنَّاسِ سَلُونِي عَمَّ شِئْتُمْ فَقَالَ رَجُلٌ مَنْ أَبِي قَالَ أَبُوكَ حُذَافَةُ فَقَامَ آخَرُ فَقَالَ مَنْ أَبِي يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ أَبُوكَ سَالِمٌ مَوْلَى شَيْبَةَ فَلَمَّا رَأَى عُمَرُ مَا فِي وَجْهِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ الْغَضَبِ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا نَتُوبُ إِلَى اللَّهِ وَفِي رِوَايَةِ أَبِي كُرَيْبٍ قَالَ مَنْ أَبِي يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ أَبُوكَ سَالِمٌ مَوْلَى شَيْبَةَ[6125]

4341: حضرت ابوموسیٰؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ سے بعض چیزوں کے بارہ میں پوچھا گیا جنہیں آپؐ نے ناپسند فرمایا پھر جب بہت زیادہ آپؐ سے پوچھا گیا تو آپؐ ناراض ہوئے اور لوگوں سے فرمایا جو چاہو مجھ سے پوچھو۔ اس پر ایک آدمی نے کہا میرا باپ کون ہے؟ آپؐ نے فرمایا تمہارا باپ حذافہ ہے۔ پھر ایک اور آدمی کھڑا ہوا اور اس نے (بھی یہی) کہا یا رسولؐ اللہ! میرا باپ کون ہے؟ حضورؐ نے فرمایا تیرا باپ شیبہ کا آزاد کردہ غلام سالم ہے۔ جب حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ کے چہرہ پر جو ناراضگی تھی دیکھی تو عرض کیا یا رسولؐ اللہ! ہم اللہ کے حضور توبہ کرتے ہیں۔

4341: تخریج: بخاری کتاب العلم باب الغضب فی الموعظة والتعلیم 92

[38]38:بَاب: وُجُوبُ اِمْتِثَالِ مَا قَالَهُ شَرْعًا دُونَ مَا ذَكَرَهُ مِنْ مَعَايِشِ الدُّنْيَا عَلَى سَبِيلِ الرَّأْيِ

باب: جو حضور ﷺ نے شرعاً فرمایا اس کی اطاعت واجب ہے سوائے اس کے کہ دنیوی زندگی سے متعلق جو آپؐ نے اپنی رائے سے فرمایا ہو

4342{139}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّقَفِيُّ وَأَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ وَهَذَا حَدِيثُ قُتَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ مَرَرْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْمٍ عَلَى رُءُوسِ النَّخْلِ فَقَالَ مَا يَصْنَعُ هَؤُلَاءِ فَقَالُوا يُلَقِّحُونَهُ يَجْعَلُونَ الذَّكَرَ فِي الْأُنْثَى فَيَلْقَحُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَظُنُّ يُغْنِي ذَلِكَ شَيْئًا قَالَ فَأُخْبِرُوا بِذَلِكَ فَتَرَكُوهُ فَأُخْبِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَلِكَ فَقَالَ إِنْ كَانَ يَنْفَعُهُمْ ذَلِكَ فَلْيَصْنَعُوهُ فَإِنِّي إِنَّمَا ظَنَنْتُ ظَنًّا فَلَا تُؤَاخِذُونِي بِالظَّنِّ وَلَكِنْ إِذَا حَدَّثْتُكُمْ عَنِ اللَّهِ شَيْئًا فَخُذُوا بِهِ فَإِنِّي لَنْ أَكْذِبَ عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ [6126]

4342: موسیٰ بن طلحہؓ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ بعض لوگوں کے پاس سے گزرا جو کھجور کے درختوں پر چڑھے ہوئے تھے۔ حضورؐ نے فرمایا یہ لوگ کیا کر رہے ہیں؟ انہوں نے عرض کیا کہ وہ اس کی (pollination) زرپاشی کر رہے ہیں اس کے نر کے زرِ گل کو مادہ میں ڈالتے ہیں تو وہ بارآور ہو جاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرا خیال نہیں کہ یہ کچھ فائدہ دیتا ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر اس بارہ میں لوگوں کو بتایا گیا تو انہوں نے اُسے چھوڑ دیا۔ رسول اللہ ﷺ کو اس بارہ میں جب بتایا گیا تو آپؐ نے فرمایا اگر یہ عمل انہیں فائدہ دیتا تھا تو انہیں چاہئے تھا کہ وہ اسے کرتے رہتے۔ میں نے تو ایک گمان کیا تھا پس اس گمان پر مجھے پکڑ نہ بیٹھو، ہاں اگر میں تمہیں اللہ کی طرف سے کچھ بتاؤں تو اسے قبول کرو کیونکہ میں اللہ عزوجل کی طرف سے کوئی غلط بات تو نہیں کہہ سکتا۔

4342: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب وجوب امتثال ما قاله شرعاً دون ما ذكر من معايش ... 4343، 4344

تخریج: ابن ماجه کتاب الاحکام باب تلقیح النخل 2470، 2471

4343{140}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الرُّومِيِّ الْيَمَامِيُّ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَعْقِرِيُّ قَالُوا حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا أَبُو النَّجَاشِيِّ حَدَّثَنِي رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ قَالَ قَدِمَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ وَهُمْ يَأْبُرُونَ النَّخْلَ يَقُولُونَ يُلَقِّحُونَ النَّخْلَ فَقَالَ مَا تَصْنَعُونَ قَالُوا كُنَّا نَصْنَعُهُ قَالَ لَعَلَّكُمْ لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا كَانَ خَيْرًا فَتَرَكُوهُ فَنَفَضَتْ أَوْ فَنَقَصَتْ قَالَ فَذَكَرُوا ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ إِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ دِينِكُمْ فَخُذُوا بِهِ وَإِذَا أَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ رَأْيِي فَإِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ قَالَ عِكْرِمَةُ أَوْ نَحْوَ هَذَا قَالَ الْمَعْقِرِيُّ فَنَفَضَتْ وَلَمْ يَشُكَّ [6127]

4343: حضرت رافع بن خدیجؓ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ مدینہ میں تشریف لائے اور لوگ کھجور کی pollination کر رہے تھے۔ جس کے لئے يُلَقِّحُونَ النَّخْلَ کے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا یہ تم کیا کر رہے ہو؟ انہوں نے کہا ہم اسی طرح کیا کرتے ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا شاید اگر تم ایسا نہ کرو تو بہتر ہو۔ چنانچہ انہوں نے اسے ترک کر دیا۔ پھر پھل جھڑ گیا یا کم ہوا۔ راوی کہتے ہیں پھر لوگوں نے حضورؐ سے اس کا ذکر کیا تو آپؐ نے فرمایا میں صرف ایک بشر ہوں۔ جب میں تمہارے دین کے متعلق کوئی حکم دوں تو اسے لے لو اور جب میں تمہیں اپنی رائے سے کچھ کہوں تو میں محض ایک بشر ہوں۔

ایک اور روایت میں (فَنَفَضَتْ اَوْ فَنَقَصَتْ کی بجائے) فَنَفَضَتْ کے الفاظ ہیں۔

4344{141}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا أَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ وَعَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ

4344: حضرت عائشہؓ اور حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کچھ لوگوں کے پاس سے گذرے جو pollination کر رہے تھے اس پر حضورؐ نے فرمایا اگر تم ایسا نہ کرو تو بھی ٹھیک ہے۔ حضرت انسؓ نے کہا پھر ردّی کھجور نکل آئی۔ پھر جب حضورؐ ان (لوگوں)

4343:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب وجوب امتثال ما قاله شرعاً دون ما ذكر من معايش الدنيا ... 4342، 4344
تخریج : ابن ماجه کتاب الاحکام باب تلقیح النخل 2470، 2471

4344:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب وجوب امتثال ما قاله شرعاً دون ما ذكر من معايش الدنيا ... 4342، 4343
تخریج : ابن ماجه کتاب الاحکام باب تلقیح النخل 2470، 2471

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقَوْمٍ يُلَقِّحُونَ فَقَالَ لَوْ لَمْ تَفْعَلُوا لَصَلُحَ قَالَ فَخَرَجَ شِيصًا فَمَرَّ بِهِمْ فَقَالَ مَا لِنَخْلِكُمْ قَالُوا قُلْتَ كَذَا وَكَذَا قَالَ أَنْتُمْ أَعْلَمُ بِأَمْرِ دُنْيَاكُمْ[6128]

کے پاس سے گذرے تو آپؐ نے فرمایا تمہاری کھجور کے درختوں کا کیا بنا؟ انہوں نے کہا کہ آپؐ نے اس اس طرح فرمایا تھا۔ حضورؐ نے فرمایا اپنی دنیا کے کام تم زیادہ جانتے ہو۔

[39]39: بَاب: فَضْلُ النَّظَرِ إِلَيْهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَمَنِّيهِ

باب: حضور ﷺ کے دیدار کی فضیلت اور اس کی تمنّا کرنا

4345{142} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ فِي يَدِهِ لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أَحَدِكُمْ يَوْمٌ وَلَا يَرَانِي ثُمَّ لَأَنْ يَرَانِي أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ مَعَهُمْ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ الْمَعْنَى فِيهِ عِنْدِي لَأَنْ يَرَانِي مَعَهُمْ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ أَهْلِهِ وَمَالِهِ وَهُوَ عِنْدِي مُقَدَّمٌ وَمُؤَخَّرٌ[6129]

4345: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں محمدؐ کی جان ہے تم میں سے اگر کسی پر ایسا دن بھی آئے گا کہ وہ مجھے دیکھ نہیں سکے گا اور پھر (اس وقت) اس کا مجھے دیکھنا اسے اس کے اہل و مال سے زیادہ محبوب ہوگا۔ ابواسحاق کہتے ہیں میرے نزدیک اس کے معنی ہیں کہ اگر وہ مجھے اپنے ساتھ دیکھے تو اس کے اہل و مال سے زیادہ پسند نہ ہوگا میرے نزدیک اس میں تقدیم وتأخیر ہے۔

[40]40: بَاب: فَضَائِلُ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَام

باب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فضائل

4346{143} حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ

4346: حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ میں لوگوں

4346: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسیٰ 4347، 4348

تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3442، 3443 ابو داؤد کتاب السنة باب فی التخییر بین الانبیاء 4675

شِهَابٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِابْنِ مَرْيَمَ الْأَنْبِيَاءُ أَوْلَادُ عَلَّاتٍ وَلَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ نَبِيٌّ [6130]

میں سے ابن مریم کے سب سے زیادہ قریب ہوں۔ سب انبیاء آپس میں علاّتی بھائی ہیں اور میرے اور اس کے درمیان کوئی نبی نہیں۔

4347{144} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيسَى الْأَنْبِيَاءُ أَبْنَاءُ عَلَّاتٍ وَلَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَ عِيسَى نَبِيٌّ [6131]

4347: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں لوگوں میں سے عیسیٰ کے سب سے زیادہ قریب ہوں۔ انبیاء علاتی بھائی ہیں اور میرے اور عیسیٰ کے درمیان کوئی نبی نہیں۔

4348{145} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا أَوْلَى النَّاسِ بِعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ فِي الْأُولَى وَالْآخِرَةِ قَالُوا كَيْفَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ

4348: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ پہلی میں اور آخری میں بھی عیسیٰ ابن مریم کے قریب ہوں۔ انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! کیسے؟ فرمایا انبیاء علاتی بھائی ہوتے ہیں

4347: اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسٰی 4346، 4348

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3442، 3443 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین النبیاء 4675

4348: اطراف: مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسٰی 4346، 4347

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول اللہ تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3442، 3443 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین النبیاء 4675

الْأَنْبِيَاءُ إِخْوَةٌ مِنْ عَلَّاتٍ وَأُمَّهَاتُهُمْ شَتَّى وَدِينُهُمْ وَاحِدٌ فَلَيْسَ بَيْنَنَا نَبِيٌّ [6132]

اور اُن کی مائیں مختلف ہوتی ہیں اور اُن کا دین ایک ہی ہوتا ہے۔ پس ہمارے درمیان کوئی نبی نہیں۔

4349{146}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ مَوْلُودٍ يُولَدُ إِلَّا نَخَسَهُ الشَّيْطَانُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ نَخْسَةِ الشَّيْطَانِ إِلَّا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ ثُمَّ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ اقْرَءُوا إِنْ شِئْتُمْ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ ح و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ جَمِيعًا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَا يَمَسُّهُ حِينَ يُولَدُ فَيَسْتَهِلُّ صَارِخًا مِنْ مَسَّةِ الشَّيْطَانِ إِيَّاهُ وَفِي حَدِيثِ شُعَيْبٍ مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ[6133,6134]

4349: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کوئی بچہ پیدا نہیں ہوتا مگر شیطان اس کو کچوکا لگاتا ہے تو شیطان کے کچوکے کی وجہ سے وہ چلانے لگتا ہے سوائے ابن مریم اور اس کی ماں کے۔ پھر حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا اگر تم چاہو تو یہ (آیت) پڑھو۔ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ترجمہ: میں اسے اور اس کی نسل کو شیطان سے جو راندۂ درگاہ ہے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ وہ (شیطان) اسے مس کرتا ہے اور شیطان کے مسّ کی وجہ سے چلانے لگتا ہے۔

ایک اور روایت میں (مِنْ مَسَّةِ الشَّيْطَانِ کی بجائے) مِنْ مَسِّ الشَّيْطَانِ کے الفاظ ہیں۔

4350{147}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ أَبَا

4350: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنی آدم میں سے ہر

4349:اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسٰی 4350، 4351

تخریج :بخاری کتاب بدء الخلق باب صفة ابليس وجنوده 3286کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3431 کتاب التفسیر باب وانّی اعیذها بک وذریتها 4548

4350:اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسٰی 4349، 4351

تخریج :بخاری کتاب بدء الخلق باب صفة ابليس وجنوده 3286کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3431 کتاب التفسیر باب وانّی اعیذها بک وذریتها 4548

يُونُسَ سُلَيْمًا مَوْلَى أَبِي هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ كُلُّ بَنِي آدَمَ يَمَسُّهُ الشَّيْطَانُ يَوْمَ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ إِلَّا مَرْيَمَ وَابْنَهَا[6135]

ایک جو جس دن اس کی ماں جنم دیتی ہے شیطان اسے مسّ کرتا ہے سوائے مریم اور اس کے بیٹے کے۔

4351{148}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِيَاحُ الْمَوْلُودِ حِينَ يَقَعُ نَزْغَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ[6136]

4351: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ نومولود کا چلانا اس وقت ہوتا ہے جب شیطان کا کچوکہ لگتا ہے۔

4352{149}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَجُلًا يَسْرِقُ فَقَالَ لَهُ عِيسَى سَرَقْتَ قَالَ كَلَّا وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَقَالَ عِيسَى آمَنْتُ بِاللَّهِ وَكَذَّبْتُ نَفْسِي[6137]

4352: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ عیسیٰؑ ابن مریم نے ایک آدمی کو چوری کرتے ہوئے دیکھا تو حضرت عیسیٰؑ نے اسے کہا کہ تو نے چوری کی ہے۔ اس نے کہا ہرگز نہیں، اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ اس پر عیسیٰؑ نے کہا کہ میں اللہ پر ایمان لایا اور اپنے نفس کو جھٹلاتا ہوں۔

4351: اطراف :مسلم کتاب الفضائل باب فضائل عیسٰی 4349، 4350

تخریج : بخاری کتاب بدء الخلق باب صفة ابلیس وجنوده 3286 کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 3431 کتاب التفسیر باب وانّی اعیذها بک وذریتها 4548 ...

4352: تخریج :بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ واذکر فی الکتاب مریم 444 **نسائی** کتاب آداب القضاة کیف یستحلف الحاکم؟ 5427 **ابن ماجه** کتاب الکفارات باب من حُلف له باللّٰه فلیرض 2102

[41]41:بَاب مِنْ فَضَائِلِ إِبْرَاهِيمَ الْخَلِيلِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابراہیم خلیل اللہ ﷺ کے کچھ فضائل کا بیان

4353{150}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ الْمُخْتَارِ ح و حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ أَخْبَرَنَا الْمُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَام و حَدَّثَنَاه أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ مُخْتَارَ بْنَ فُلْفُلٍ مَوْلَى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا يَقُولُ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِمِثْلِهِ و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْمُخْتَارِ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ[6138,6139,6140]

4353:حضرت انس بن مالک ؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یَا خَيْرَ الْبَرِيَّةِ (یعنی اے مخلوق میں سے سب سے بہترین) اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ ابراہیم علیہ السلام تھے۔

4354{151}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِزَامِيَّ

4354: حضرت ابو ہریرہ ؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا حضرت ابراہیم نبی علیہ السلام

4353:تخریج : ترمذی کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة لم یکن 3352 ابوداؤد کتاب السنة باب فی التخییر من الانبیاء 4672

4354 :تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ واتخذوا الله ابراهیم خلیلاً 3356 کتاب الاستئذان باب الختان بعد الکبر ونتف الابط 6298

عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْتَتَنَ إِبْرَاهِيمُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَام وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِينَ سَنَةً بِالْقَدُومِ[6141]

جب اسّی سال کے تھے تب ان کا قدوم (مقام) میں ختنہ ہوا۔

4355{152} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَحْنُ أَحَقُّ بِالشَّكِّ مِنْ إِبْرَاهِيمَ إِذْ قَالَ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَى قَالَ أَوَ لَمْ تُؤْمِنْ قَالَ بَلَى وَلَكِنْ لِيَطْمَئِنَّ قَلْبِي وَيَرْحَمُ اللَّهُ لُوطًا لَقَدْ كَانَ يَأْوِي إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ وَلَوْ لَبِثْتُ فِي السِّجْنِ طُولَ لَبْثِ يُوسُفَ لَأَجَبْتُ الدَّاعِيَ و حَدَّثَنَاه إِنْ شَاءَ اللَّهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ وَأَبَا عُبَيْدٍ أَخْبَرَاهُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَى حَدِيثِ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ[6142,6143]

4355: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ہم حضرت ابراہیمؑ کی نسبت شک کے زیادہ حق دار ہیں جب انہوں نے کہا اے میرے رب! مجھے دکھا کہ تو مردوں کو کیسے زندہ کرتا ہے۔ اللہ نے فرمایا کیا تو ایمان نہیں لا چکا؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں مگر اس لئے (پوچھا ہے) کہ میرا دل مطمئن ہو جائے۔ اللہ رحم فرمائے لوطؑ پر وہ ایک مضبوط سہارے کی طرف پناہ لیا کرتے تھے اور اگر میں یوسفؑ جتنا عرصہ قید میں رہتا تو ضرور بُلانے والے کا بلاوا قبول کر لیتا۔

4355:اطراف : مسلم کتاب الایمان باب زیادة طمانية القلب بتظاهر الادلة 208 کتاب الفضائل باب من فضائل ابراهيم الخليل ﷺ 4356

تخریج : بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله عزّوجلّ ونبئهم عن ضيف ابراهيم 3372 باب ولوطاً اذقال لقوله 3375 باب قول الله تعالىٰ كان فى يوسف واخوته 3387 کتاب التفسير باب قوله فلماّ جآء ه الرسول قال ارجع الى ربک 4694 کتاب التعبير باب رؤيا اهل السجون والفساد والشرک 6992 **ترمذی** کتاب تفسير القرآن باب ومن سورة يوسف 3116 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب الصبر على البلاء 4026

4356{153} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَغْفِرُ اللَّهُ لِلُوطٍ إِنَّهُ أَوَى إِلَى رُكْنٍ شَدِيدٍ[6144]

4356: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ حضرت لوطؑ کی مغفرت فرمائے۔ انہوں نے ایک مضبوط سہارے کی طرف پناہ لی۔

4357{154}و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ يَكْذِبْ إِبْرَاهِيمُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَام قَطُّ إِلَّا ثَلَاثَ كَذَبَاتٍ ثِنْتَيْنِ فِي ذَاتِ اللَّهِ قَوْلُهُ إِنِّي سَقِيمٌ وَقَوْلُهُ بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَذَا وَوَاحِدَةٌ فِي شَأْنِ سَارَةَ فَإِنَّهُ قَدِمَ أَرْضَ جَبَّارٍ وَمَعَهُ سَارَةُ وَكَانَتْ أَحْسَنَ النَّاسِ فَقَالَ لَهَا إِنَّ هَذَا الْجَبَّارَ إِنْ يَعْلَمْ أَنَّكِ امْرَأَتِي يَغْلِبْنِي عَلَيْكِ فَإِنْ سَأَلَكِ فَأَخْبِرِيهِ أَنَّكِ أُخْتِي فَإِنَّكِ أُخْتِي

4357: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابراہیمؑ نے سوائے تین جھوٹوں کے کوئی جھوٹ نہیں بولا۔ جن میں سے دو تو اللہ تعالیٰ کی ذات کے بارہ میں تھے۔ ان کا کہنا إِنِّي سَقِيمٌ میں بیمار ہوں اور ان کا بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَذَا یعنی ان کے بڑے نے یہ کام کیا ہے اور ایک دفعہ سارہ کے بارہ میں جب آپ ایک بہت جابر (بادشاہ) کی سلطنت میں گئے اور آپ کے ساتھ سارہ بھی تھیں وہ لوگوں میں سے سب سے زیادہ خوش شکل تھیں تو انہوں نے ان سے کہا کہ اس جبار کو اگر پتہ لگ گیا کہ تم میری بیوی ہو تو وہ تیرے لئے مجھ پر غالب آ جائیگا۔ پس اگر وہ تجھ سے پوچھے تو اسے

4356: اطراف: مسلم کتاب الایمان باب زیادة طمانیة القلب بتظاهر الادلة 208 کتاب الفضائل باب من فضائل ابراهیم الخلیل ﷺ 4355

تخریج: بخاری کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله عزّوجلّ ونبئهم عن ضیف ابراهیم 3372 باب ولوطاً اذقال لقوله 3375 باب قول الله تعالیٰ کان فی یوسف واخوته 3387 کتاب التفسیر باب قوله فلماّ جآء ه الرسول قال ارجع الی ربک 4694 کتاب التعبیر باب رؤیا اهل السجون والفساد والشرک 6992 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة یوسف 3116 **ابن ماجه** کتاب الفتن باب الصبر علی البلاء 4026

4357: تخریج: بخاری کتاب البیوع باب شراع المملوک من الحربی 2217 کتاب احادیث الانبیاء باب قول الله تعالیٰ واتخذالله ابراهیم خلیلاً 3358 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الانبیاء 3166 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی الرجل یقول لامراته :یااُختی 2212

فِي الْإِسْلَامِ فَإِنِّي لَا أَعْلَمُ فِي الْأَرْضِ مُسْلِمًا غَيْرِي وَغَيْرَكَ فَلَمَّا دَخَلَ أَرْضَهُ رَآهَا بَعْضُ أَهْلِ الْجَبَّارِ أَتَاهُ فَقَالَ لَهُ لَقَدْ قَدِمَ أَرْضَكَ امْرَأَةٌ لَا يَنْبَغِي لَهَا أَنْ تَكُونَ إِلَّا لَكَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا فَأُتِيَ بِهَا فَقَامَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَام إِلَى الصَّلَاةِ فَلَمَّا دَخَلَتْ عَلَيْهِ لَمْ يَتَمَالَكْ أَنْ بَسَطَ يَدَهُ إِلَيْهَا فَقُبِضَتْ يَدُهُ قَبْضَةً شَدِيدَةً فَقَالَ لَهَا ادْعِي اللَّهَ أَنْ يُطْلِقَ يَدِي وَلَا أَضُرُّكِ فَفَعَلَتْ فَعَادَ فَقُبِضَتْ أَشَدَّ مِنَ الْقَبْضَةِ الْأُولَى فَقَالَ لَهَا مِثْلَ ذَلِكَ فَفَعَلَتْ فَعَادَ فَقُبِضَتْ أَشَدَّ مِنَ الْقَبْضَتَيْنِ الْأُولَيَيْنِ فَقَالَ ادْعِي اللَّهَ أَنْ يُطْلِقَ يَدِي فَلَكِ اللَّهَ أَنْ لَا أَضُرَّكِ فَفَعَلَتْ وَأُطْلِقَتْ يَدُهُ وَدَعَا الَّذِي جَاءَ بِهَا فَقَالَ لَهُ إِنَّكَ إِنَّمَا أَتَيْتَنِي بِشَيْطَانٍ وَلَمْ تَأْتِنِي بِإِنْسَانٍ فَأَخْرِجْهَا مِنْ أَرْضِي وَأَعْطِهَا هَاجَرَ قَالَ فَأَقْبَلَتْ تَمْشِي فَلَمَّا رَآهَا إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَام انْصَرَفَ فَقَالَ لَهَا مَهْيَمْ قَالَتْ خَيْرًا كَفَّ اللَّهُ يَدَ الْفَاجِرِ وَأَخْدَمَ خَادِمًا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَتِلْكَ أُمُّكُمْ يَا بَنِي مَاءِ السَّمَاءِ[6145]

کہہ دینا کہ تو میری بہن ہے کیونکہ تو اسلام میں میری بہن ہے اور میں اپنے اور تیرے علاوہ اس ملک میں کسی مسلمان کو نہیں جانتا۔ پس جب آپؑ اس کی مملکت میں داخل ہوئے تو اس جابر کے کسی رشتہ دار نے حضرت سارہ کو دیکھ لیا اور وہ اس (بادشاہ) کے پاس گیا اور کہا کہ تیرے ملک میں ایک ایسی عورت آئی ہے جو صرف تیرے لئے ہی مناسب ہے۔ پس اس (بادشاہ) نے ان (حضرت سارہ) کو بلا بھیجا۔ چنانچہ انہیں لایا گیا اور حضرت ابراہیمؑ نماز کے لئے کھڑے ہو گئے۔ جب آپ اس کے پاس اندر گئیں تو وہ اپنا ہاتھ اُن (حضرت سارہ) کی طرف بڑھانے سے نہ رہ سکا۔ مگر اس کا ہاتھ نہایت شدت سے جکڑا گیا۔ اس پر اس نے کہا کہ اللہ سے دعا کرو کہ وہ میرا ہاتھ کھول دے پھر میں تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچاؤں گا۔ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا لیکن اس نے پھر وہی حرکت کی اور اس کا ہاتھ پہلے سے زیادہ شدت سے پکڑا گیا۔ اس نے ان سے پھر وہی کہا۔ آپ (سارہ) نے ویسا ہی کیا لیکن اس نے پھر وہی حرکت کی۔ مگر اس کا ہاتھ پہلی دو مرتبہ سے زیادہ شدت سے پکڑا گیا۔ اس پر اس نے کہا تو دعا کر اللہ سے کہ وہ میرا ہاتھ کھول دے، میں اللہ کو گواہ ٹھہراتا ہوں کہ تجھے کوئی تکلیف نہ دوں گا۔ چنانچہ انہوں (حضرت سارہ) نے ایسا ہی کیا اور اس کا ہاتھ کھول دیا گیا پھر اس نے

کا ہاتھ کھول دیا گیا پھر اس نے اس شخص کو بلایا جو انہیں لے کر آیا تھا اور اس شخص سے کہا کہ تو تو میرے پاس کسی شیطان کو لے آیا ہے کسی انسان کو نہیں لایا۔ پس اسے میری مملکت سے نکال دو اور اسے ہاجرہ دے دو۔ (راوی کہتے ہیں) وہ چلتی ہوئی آئیں جب حضرت ابراہیمؑ نے ان کو (نماز سے فارغ ہوکر) دیکھا تو ان کی طرف متوجہ ہوئے اور ان سے پوچھا کہ تمہارا کیا حال ہے؟ سارہ نے کہا ٹھیک ہے اللہ نے اس بدکار کے ہاتھ کو مجھ سے روکے رکھا بلکہ ایک خادمہ بھی دلوائی۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا کہ کہ اے ماء السماء کے بیٹو! یہ تمہاری ماں ہے۔☆

[42]42: بَاب: مِنْ فَضَائِلِ مُوسَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے فضائل

4358{155} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ

4358: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ علیہ السلام سے بتائیں اور انہوں نے کئی

☆ ایک خیال یہ ہے کہ ابتدائی الفاظ حدیث کے بعد یہ تفصیلی تشریح راوی کی طرف سے ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ ''اصل بات یہی ہے کہ کسی حدیث میں جھوٹ بولنے کی ہرگز اجازت نہیں بلکہ حدیث میں تو یہ لفظ ہیں کہ اِنْ قُتِلْتَ وَاُحْرِقْتَ یعنی سچ کو مت چھوڑ اگرچہ تو قتل کیا جائے اور جلایا جائے۔ پھر جس حالت میں قرآن کہتا ہے کہ تم انصاف اور سچ مت چھوڑو اگرچہ تمہاری جانیں بھی اس سے ضائع ہوں اور حدیث کہتی ہے کہ اگرچہ تم جلائے جاؤ اور قتل کئے جاؤ۔ مگر سچ ہی بولو تو پھر فرض کے طور پر کوئی حدیث قرآن اور احادیثِ صحیحہ کی مخالف ہو تو وہ قابلِ سماعت نہیں ہوگی۔'' (نورالقرآن نمبر 2 روحانی خزائن جلد 9 صفحہ 404)

4358 اطراف: مسلم کتاب الحیض باب جواز الاغتسال عریاناً فی ... 499 کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ علیہ السلام 4359

تخریج: بخاری کتاب الغسل باب من اغتسل عریانا وحده 278 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الاحزاب 3221

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ يَغْتَسِلُونَ عُرَاةً يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلَى سَوْأَةِ بَعْضٍ وَكَانَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام يَغْتَسِلُ وَحْدَهُ فَقَالُوا وَاللَّهِ مَا يَمْنَعُ مُوسَى أَنْ يَغْتَسِلَ مَعَنَا إِلَّا أَنَّهُ آدَرُ قَالَ فَذَهَبَ مَرَّةً يَغْتَسِلُ فَوَضَعَ ثَوْبَهُ عَلَى حَجَرٍ فَفَرَّ الْحَجَرُ بِثَوْبِهِ قَالَ فَجَمَحَ مُوسَى بِأَثَرِهِ يَقُولُ ثَوْبِي حَجَرُ ثَوْبِي حَجَرُ حَتَّى نَظَرَتْ بَنُو إِسْرَائِيلَ إِلَى سَوْأَةِ مُوسَى فَقَالُوا وَاللَّهِ مَا بِمُوسَى مِنْ بَأْسٍ فَقَامَ الْحَجَرُ بَعْدُ حَتَّى نُظِرَ إِلَيْهِ قَالَ فَأَخَذَ ثَوْبَهُ فَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ وَاللَّهِ إِنَّهُ بِالْحَجَرِ نَدَبٌ سِتَّةٌ أَوْ سَبْعَةٌ ضَرْبُ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام بِالْحَجَرِ [6146]

احادیث بیان کیں۔ جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بنی اسرائیل ننگے نہایا کرتے تھے اور وہ ایک دوسرے کے ننگ کو دیکھ رہے ہوتے تھے جبکہ حضرت موسیٰؑ علیحدہ ہو کر نہایا کرتے تھے۔ اس پر انہوں نے کہا کہ اللہ کی قسم موسیٰؑ کو ہمارے ساتھ نہانے سے اس کے سوا اور کوئی چیز نہیں روکتی کہ انہیں فتق کی بیماری ہے۔ ایک دفعہ حضرت موسیٰؑ نہانے کے لئے گئے اور اپنا کپڑا حجر پر رکھا اور حجر آپ کا کپڑا لے کر بھاگ گیا تو حضرت موسیٰؑ اس کے پیچھے یہ کہتے ہوئے دوڑے حجر میرا کپڑا، حجر میرا کپڑا یہانتک کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰؑ کو دیکھ لیا اور انہوں نے کہا کہ اللہ کی قسم موسیٰؑ کو تو کوئی بیماری نہیں ہے۔ پھر حجر کھڑا ہو گیا یہانتک کہ انہیں دیکھ لیا گیا۔ وہ کہتے ہیں پھر حضرت موسیٰؑ نے اپنا کپڑا لیا اور حجر کو مارنے لگے۔ حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا اللہ کی قسم اس حجر پر موسیٰؑ کی مار کے چھ یا سات نشان ہیں۔

4359{156} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ أَنْبَأَنَا

4359: عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں بتایا کہ حضرت موسیٰؑ بڑے حیادار تھے۔ انہوں نے کہا کہ وہ کبھی عریاں نہیں

☆ حجر کے لفظی معنے تو پتھر کے ہیں ہوسکتا ہے کہ حجر کسی شخص کا نام ہو واللہ اعلم۔ آخری فقرہ کہ حجر پر حضرت موسیٰؑ کے مارنے کے نشان ہیں حدیث کا حصہ نہیں ہے۔ اس سے اگلی روایت میں یہ واقعہ حضرت ابو ہریرہؓ کی طرف منسوب ہے حضور ﷺ کی حدیث کے طور پر نہیں ہے۔

4359: اطراف : **مسلم** کتاب الحیض باب جواز الاغتسال عریاناً فی الخلوۃ 499 کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ 4358

تخریج : **بخاری** کتاب الغسل باب من اغتسل عریانا وحدہ 278 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورۃ الاحزاب 3221

أَبُو هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام رَجُلًا حَيِيًّا قَالَ فَكَانَ لَا يُرَى مُتَجَرِّدًا قَالَ فَقَالَ بَنُو إِسْرَائِيلَ إِنَّهُ آدَرُ قَالَ فَاغْتَسَلَ عِنْدَ مُوَيْهٍ فَوَضَعَ ثَوْبَهُ عَلَى حَجَرٍ فَانْطَلَقَ الْحَجَرُ يَسْعَى وَاتَّبَعَهُ بِعَصَاهُ يَضْرِبُهُ ثَوْبِي حَجَرُ ثَوْبِي حَجَرُ حَتَّى وَقَفَ عَلَى مَلَإٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَنَزَلَتْ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ اللَّهِ وَجِيهًا [6147]

دیکھے گئے۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے کہ بنی اسرائیل نے کہا کہ وہ فتق سے بیمار ہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے چھوٹے چشمہ سے غسل کیا اور حجر پر اپنے کپڑے رکھے اور حجر دوڑنے لگا اور حضرت موسیٰؑ نے اپنے سوٹے کے ساتھ اسے مارتے ہوئے اس کا پیچھا کیا اے حجر میرا کپڑا، حجر میرا کپڑا یہانتک کہ حجر بنی اسرائیل کے ایک گروہ کے پاس آ کھڑا ہوا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ آذَوْا مُوسَى فَبَرَّأَهُ اللَّهُ مِمَّا قَالُوا وَكَانَ عِنْدَ اللَّهِ وَجِيهًا یعنی اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے موسیٰؑ کو تکلیف دی پھر اللہ نے اسے اس سے بری کر دیا جو انہوں نے کہا اور وہ اللہ کے نزدیک بڑی وجاہت والا تھا۔☆

4360{157} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ عَبْدٌ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام فَلَمَّا جَاءَهُ صَكَّهُ فَفَقَأَ عَيْنَهُ فَرَجَعَ إِلَى رَبِّهِ فَقَالَ أَرْسَلْتَنِي إِلَى عَبْدٍ لَا يُرِيدُ

4360: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ موت کا فرشتہ حضرت موسیٰؑ کی طرف بھیجا گیا۔ جب وہ (فرشتہ) حضرت موسیٰؑ کے پاس آیا تو حضرت موسیٰؑ نے اسے (ایک طمانچہ) مارا اور اس (فرشتہ) کی آنکھ پھوڑ دی۔ چنانچہ وہ (فرشتہ) اپنے رب کی طرف گیا اور عرض کیا کہ تو نے مجھے ایک ایسے بندہ کی طرف بھیجا جو مرنا نہیں چاہتا۔ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے

☆(سورۃ الاحزاب: 70)

4360: اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ 4361

تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب من احبّ الدفن فی الارض المقدسة 1339 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ و ذکرہ بعد 3407 **نسائی** کتاب الجنائز نوع آخر 2089

الْمَوْتَ قَالَ فَرَدَّ اللَّهُ إِلَيْهِ عَيْنَهُ وَقَالَ ارْجِعْ إِلَيْهِ فَقُلْ لَهُ يَضَعُ يَدَهُ عَلَى مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَهُ بِمَا غَطَّتْ يَدُهُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ قَالَ أَيْ رَبِّ ثُمَّ مَهْ قَالَ ثُمَّ الْمَوْتُ قَالَ فَالْآنَ فَسَأَلَ اللَّهَ أَنْ يُدْنِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَوْ كُنْتُ ثَمَّ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلَى جَانِبِ الطَّرِيقِ تَحْتَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ [6148]

ہیں پھر اللہ نے اسے اس کی آنکھ لوٹا دی اور فرمایا اس کی طرف واپس جاؤ اور اس سے کہو کہ وہ اپنے ہاتھ کو بیل کی پیٹھ پر رکھے تو جتنے بال اس کے ہاتھ کے نیچے آئیں گے تو ہر بال کے بدلے اسے ایک سال (کی عمر) ملے گی۔ حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا اے میرے رب پھر کیا ہو گا؟ اللہ نے فرمایا پھر موت ہے۔ حضرت موسیٰؑ نے عرض کیا (موت ہی ہے تو) ابھی سہی۔ پھر موسیٰؑ نے اللہ سے التجاء کی کہ وہ انہیں ارض مقدسہ سے اتنا قریب کر دے جتنی دور پھینکنے پر ایک پتھر گرتا ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں وہاں ہوتا تو تمہیں ضرور ایک رستہ کے پہلو میں سرخ ٹیلے کے نیچے ان کی قبر دکھا دیتا۔

4361{158} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام فَقَالَ لَهُ أَجِبْ رَبَّكَ قَالَ فَلَطَمَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام عَيْنَ مَلَكِ الْمَوْتِ فَفَقَأَهَا قَالَ فَرَجَعَ الْمَلَكُ إِلَى اللَّهِ تَعَالَى

4361: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے ہمیں رسول اللہ ﷺ سے بتائیں اور انہوں نے کئی احادیث بیان کیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ موت کا فرشتہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا اور ان سے کہا کہ اپنے رب کے بلاوے کو قبول کرو۔ انہوں نے کہا کہ حضرت موسیٰؑ نے موت کے فرشتہ کی آنکھ پر تھپڑ مارا اور اسے پھوڑ دیا۔ انہوں نے فرمایا پھر فرشتہ اللہ تعالیٰ

4361: اطراف : مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ 4360

تخریج : بخاری کتاب الجنائز باب من احبّ الدفن فی الارض المقدسة 1339 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ و ذکرہ بعد 3407 **نسائی** کتاب الجنائز نوع آخر 2089

فَقَالَ إِنَّكَ أَرْسَلْتَنِي إِلَى عَبْدٍ لَكَ لَا يُرِيدُ الْمَوْتَ وَقَدْ فَقَأَ عَيْنِي قَالَ فَرَدَّ اللَّهُ إِلَيْهِ عَيْنَهُ وَقَالَ ارْجِعْ إِلَى عَبْدِي فَقُلِ الْحَيَاةَ تُرِيدُ فَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْحَيَاةَ فَضَعْ يَدَكَ عَلَى مَتْنِ ثَوْرٍ فَمَا تَوَارَتْ يَدُكَ مِنْ شَعْرَةٍ فَإِنَّكَ تَعِيشُ بِهَا سَنَةً قَالَ ثُمَّ مَهْ قَالَ ثُمَّ تَمُوتُ قَالَ فَالْآنَ مِنْ قَرِيبٍ رَبِّ أَمِتْنِي مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهِ لَوْ أَنِّي عِنْدَهُ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلَى جَانِبِ الطَّرِيقِ عِنْدَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ بِمِثْلِ هَذَا الْحَدِيثِ[6149]

کی طرف لوٹ گیا اور عرض کیا کہ تو نے مجھے ایسے بندہ کی طرف بھیجا جو مرنا نہیں چاہتا اور اس نے میری آنکھ بھی پھوڑ ڈالی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پھر اللہ نے اسے اس کی آنکھ لوٹا دی اور فرمایا کہ جاؤ میرے بندہ کے پاس اور کہو کہ تم زندگی چاہتے ہو؟ پس اگر تم زندگی چاہتے ہو تو اپنا ہاتھ بیل کی پیٹھ پر رکھو۔ پس تمہارے ہاتھ نے جتنے بال ڈھانپ لئے، ہر بال کے مطابق تم ایک سال زندہ رہو گے۔ انہوں نے کہا پھر کیا ہوگا؟ اس نے کہا پھر تم مر جاؤ گے۔ انہوں نے کہا تو پھر ابھی سہی۔ اے میرے رب! تو مجھے ارض مقدسہ سے ٹپے بھر فاصلہ پر وفات دے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میں اس (ارض مقدسہ) کے پاس ہوتا تو ضرور ایک راستہ کے پہلو میں سرخ ٹیلے کے قریب تمہیں اُن کی قبر دکھا دیتا۔

4362{159}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْفَضْلِ الْهَاشِمِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

4362: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ ایک یہودی اپنا کچھ سامان بیچ رہا تھا۔ اسے اس (سامان) کی کوئی قیمت دی گئی تو اس نے اسے ناپسند کیا یا اس (قیمت) پر راضی نہ ہوا — عبدالعزیز نے اس میں

4362:اطراف:مسلم کتاب الفضائل باب من فضائل موسیٰ ﷺ 4363، 4364 باب فی ذکر یونس وقول النبی ﷺ لا ینبغی لعبدٍ 4367

تخریج : بخاری کتاب الخصومات باب ما یذکر فی الاشخاص والخصومة 2411، 2412 کتاب احادیث الانبیاء باب وفاة موسیٰ وذکرہ بعد 3408 باب قول اللہ تعالیٰ وانّ یونس لمن المرسلین 3412، 3413، 3414، 3415، 3416 کتاب التعبیر باب قولہ انا اوحینا الیک 4604 باب قولہ ویونس ولوطاً وکلاًّ 4630، 4631 باب ونفخ فی الصور فصعق من فی السماء 4813 کتاب الرقاق باب نفخ الصور 6517، 6518 کتاب التوحید باب قول اللہ تعالیٰ تؤتی الملک من تشاء 7472 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الزمر 3245 **ابوداؤد** کتاب السنة باب فی التخییر بین الانبیاء 4668، 4669، 4670، 4671

الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَمَا يَهُودِيٌّ يَعْرِضُ سِلْعَةً لَهُ أُعْطِيَ بِهَا شَيْئًا كَرِهَهُ أَوْ لَمْ يَرْضَهُ شَكَّ عَبْدُ الْعَزِيزِ قَالَ لَا وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام عَلَى الْبَشَرِ قَالَ فَسَمِعَهُ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَلَطَمَ وَجْهَهُ قَالَ تَقُولُ وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام عَلَى الْبَشَرِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا قَالَ فَذَهَبَ الْيَهُودِيُّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ إِنَّ لِي ذِمَّةً وَعَهْدًا وَقَالَ فُلَانٌ لَطَمَ وَجْهِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَ لَطَمْتَ وَجْهَهُ قَالَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَالَّذِي اصْطَفَى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام عَلَى الْبَشَرِ وَأَنْتَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا قَالَ فَغَضِبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى عُرِفَ الْغَضَبُ فِي وَجْهِهِ ثُمَّ قَالَ لَا تُفَضِّلُوا بَيْنَ أَنْبِيَاءِ اللَّهِ فَإِنَّهُ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَيَصْعَقُ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَمَنْ فِي الْأَرْضِ إِلَّا مَنْ شَاءَ اللَّهُ قَالَ ثُمَّ يُنْفَخُ فِيهِ أُخْرَى فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ بُعِثَ أَوْ فِي أَوَّلِ مَنْ بُعِثَ فَإِذَا مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَام آخِذٌ بِالْعَرْشِ فَلَا أَدْرِي أَحُوسِبَ بِصَعْقَتِهِ يَوْمَ

شک کیا ہے—اس (یہودی) نے کہا نہیں، اس کی قسم جس نے موسیٰ علیہ السلام کو سب انسانوں پر فضیلت دی ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ انصارؓ میں سے کسی آدمی نے اسے (یہ کہتے) سن لیا اور اس (یہودی) کے چہرہ پر طمانچہ مارا۔ اس (انصاری) نے کہا کہ تو کہتا ہے کہ اس کی قسم جس نے موسیٰؑ کو سب انسانوں پر فضیلت دی ہے جبکہ رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان موجود ہیں۔ راوی کہتے ہیں وہ یہودی رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا اے ابو القاسم! میرے لئے (آپؐ کی) ذمہ داری اور عہد ہے اور کہا کہ فلاں نے میرے چہرے پر طمانچہ مارا ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے (اس انصاری سے) پوچھا کہ تم نے کیوں اس کے چہرہ پر طمانچہ مارا؟ راوی کہتے ہیں کہ اس نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! اس نے کہا تھا کہ اس کی قسم جس نے موسیٰؑ کو سب انسانوں پر فضیلت دی جبکہ آپؐ ہمارے درمیان موجود ہیں (راوی کہتے ہیں) اس پر رسول اللہ ﷺ ناراض ہوئے یہاں تک کہ ناراضگی آپؐ کے چہرہ سے ظاہر ہونے لگی۔ پھر آپؐ نے فرمایا کہ اللہ کے انبیاء کے درمیان فضیلت نہ دو کیونکہ یقیناً جب صور پھونکا جائے گا سوائے اس کے جسے اللہ چاہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے غش کھا جائے گا۔ آپؐ نے فرمایا پھر دوسری مرتبہ اس میں (صور) پھونکا جائے گا تو سب سے پہلا شخص میں

الطُّورِ أَوْ بُعِثَ قَبْلِي وَلَا أَقُولُ إِنَّ أَحَدًا أَفْضَلُ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى عَلَيْهِ السَّلَام و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي سَلَمَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ سَوَاءً[6151,6152]

ہوں گا جو اٹھایا جاؤں گا یا سب سے پہلے جنہیں اٹھایا جائے گا ان میں میں ہوں گا تو کیا دیکھوں گا کہ موسیٰ علیہ السلام عرش کو پکڑے ہوئے ہیں میں نہیں جانتا کہ آیا طور والے دن ان کی غشی شمار کر لی گئی یا انہیں مجھ سے پہلے اٹھایا گیا اور نہ میں یہ کہتا ہوں کہ کوئی یونس بن متّی علیہ السلام سے زیادہ صاحبِ فضیلت ہے۔ ☆

